ھمے بیم ءَ جلال ہم سکیں سنگدل ءُ بے بزّگیں مردے اَت۔ آوت چورہ نہ بوتگ اَت آئی چورہ ءِ درد نہ زانت. کلیرکؔ جلالؔ ءُ گراناز ءِ غلام ءِ بدل اَت لوگ ءِ دارپیشّ کاہ ءُ لوچ درست ءِ ڈُبا ہے زرتگ اَت کہ ہیں زمستان ءِ سردیں و نیچیں شپ آن آدیم پہ جنگل ءُ گیایا ناں دار ءُ بیش ءِ ھاترا شُت بلے ڈیکو؟ کجام ڈیکو؟ گراناز ءِ ڈیکو! میتگ ءِ سردار جوڑ ات. آئی ھرتماہ ءِ کُٹ تیشگ سریں گراناز چہ جلال رونڈ اِت ءُ ڈیکوی تماہ ءِ پورہ کُٹ پیشکر شاعرے گُشت۔

" مات ءَ چے پیرین بہ مُرتیناں
مرداں چے پیسر جن بہ مُرتیناں
چُک ءِ بے مات ءُ چورہ نام اِنت
جن کہ بے مرد ءَ چو جنوزام اِنت "

آبیگاہ ءَ کہ دار و جوان ءَ دیتگ اَت، آجوان ھمے بے لبتیں کلیرکؔ اَت کہ بے پت ءُ بے ماتی ءَ چاپیٹ سرا بگت اَت اَنت. جلالؔ ءُ گراناز ءَ دار و ءُ پیش ءِ ھاترا

ظہور زہبی
آرٹس سیکنڈ ائیر

آزمانک

یتیم

بیگاہ ءِ سارتی ءَ دارو ءَ کنّدان پیداک آن، لوگ ءَ سرلوت، مات ءَ جُست کُرت دارو تو چیا کنّد گلئے، دارو درّا اِنت من جوان ئے دیستگ پادشپاد۔ سر درا، پیشک در نگ ءُ یہک جان درا، لے کہریں زمستان ءَ آئی ءِ تب ہم بدل نہ کرتگت مات ءَ درّا اِنت بابی ترا چے کار اِنت دگسنیائے تہا دیوانہ بازاِنت آئی نزانت کہ اے بے ماتے ءِ تہاریں لوگ ءِ زھگ اِنت پہ مے جوان ءَ مات ءِ مہرءُ دوستی ءِ چادر آپچہ آئی سرا دور کنگ بوتگت یعنی چیزے دہدا ھیر بندکرتگ کہ ایشی ءِ یکیں مات ءَ اے امروز بلہ دانگ ءُ دتی ابدی جاہ ءَ شُتگ، اے جوان ئے نام ھُدامرزی ایں مات ءَ چہ دوستی ءَ کلیرک ءُ تیو گیں اللہ بکش کرتگ آت کلیرکی ہت گنزگ ءَ چہ مانی ءِ مرگ ءَ دبند دگرجن ئے گپتگ آت چہ آئی ءَ سے، چارُ چکّے ہم آست اَت ھمے چکّانی تہا یکّے نام ڈیکو اَت ڈیکو بازگندہ کار و پلینڈین چکّے اَت ایشی ءَ ھر وھد ءَ بیچارگیں کلیرک جت ءُ زاہ ءُ بدکُرت وھدے کلیرک دتی بت گنزگ ءَ بال دات کہ منا ڈیکوی ءَ جنگ گڈّاں بیزار کہ ڈیکوی مات گرانازدتی چکّ ءَ سرءُ سوج دسر پہ پکنت انگت ءَ گنزگ ملامت کُرت کہ کلیرک پیرا ڈیکو جتگ بیچارگیں گنزگ ہیران بوت چون بکنت اگاں ڈیکو ءَ جنت گڈّاں الّم ءَ گراناز برانزگیپت اگاں کلیرک ءَ جنت ھدائے جست کنت کہ کلیرک کارزوالیں چکّے نہ اِیں راستے گش انت؟

”مانو اگاں مات ءِ گُہار اِنت، شاہ ءِ مارانے آوار اِنت“

خیر! گنزگ بے دی ءِ کیشک ءَ رھادگ راہ ءِ ہر سکّی ءُ سُوریاں سگّان ءَ دیم پہ دتی زند ءِ آخری منزل ءَ روگ ءَ اَت زند ءِ روچ کم بوان ءُ اُڑ جنجال گیش بوان ءِ تہا گنزک حم لے

عبدالرؤف
سکینڈ ائیر سائنس

بتل

۱۔ نیکی گوں جواں ذات ءَ بکن کارءَ کیلیگ ءَ بکن۔
۲۔ کم ءِ ہمراہ منی بارءَ پہ ہشبرءَ مہ لڈ۔ مان دور سریں کوران منند نوک کیلیگ ءِ وام ءَ مکن۔
۳۔ دل نہ من ایت پہ منجل ءِ بٹان پہ لوہیگ ءِ سیر سورچیں لگر دکاں۔
۴۔ نہ زیر منی دست مہ لرز منی دل چم کہ نگندایت دل ہند شیں درد نکنت۔
۵۔ جان ءِ جان اوشت ایت جامگ دور جان ادشت ایت۔
۶۔ برات ءِ دینان برات ردت۔ نہ وارتگیں پادماں ھنیان نردت۔
۷۔ بچار بجنڈ ءُ بتد۔
۸۔ دل منی ڈلا ننتگ خاموش ءَ فرماہان مورءَ ردت ماں گوش ءَ۔
۹۔ مرگ ءِ بدل درد بنت، دل دشمن ءِ سرد بنیت
۱۰۔ ہشکیں دست چٹگ نہ بیت۔
۱۱۔ چاپ پہ یک دستے ءَ توار نہ نکنت۔
۱۲۔ ریش ءَ تراشے کیت پو ترءَ بزءِ نیئت۔
۱۳۔ مرد پہ نام مرانت ءُ نامرد پہ نان مرانت۔
۱۴۔ ذامات کہ نوک انت دسولیگ گنوک انت ششش ماہ ءَ رند نامے رلوک انت۔
۱۵۔ آجاہ کہ دلے ئے زورایت۔ سردل ءَ ہشت ءُ گلے ئے زورایت۔
۱۶۔ تتر وتی بارءُ وت بارت واجہ ئے جی او جان ءَ لوٹیت۔
۱۷۔ گوشت کہ گران ءِ انت صبر آسان ءِ انت۔ سنگ وتی جاگاہ ءَ گپتگ گران انت۔
۱۸۔ دل پہ غلام ءَ مکن بور ءِ کہ یمان کم مکن۔
۱۹۔ انگور چہ انگورءَ رنگ زوریت ہمساہگ شہ ہمساہگ ءَ پنت زوریت۔
۲۰۔ دارتگیں وان ءُ رتیگیں مردکس ءَ رایات نہ بنت۔

ابیدگی رہبندگوں وڈ وڈین ٹک ءُ تمنان سیالی ءِ ھوری ءُ گستائی ءَ پدر کنت لبزانک زندے سجائیں جوڈشتانی رسل براھندگی ءِ نام انت. لبزانگ راجی آدینک انت ءُ زبان ءِ ھستین شکل ءُ دروشم چہ آئی لبزانکی گنج ءَ زانگ بیت. لبزانک ءُ زندے مراد ءُ مکسدوت ماں وت ءَ ھمگدبج انت چہ درآھیں بزے گپ ءُ تران ءَ ادب ءِ گوں زند ءُ سیالی مھکمی کو پدر کنت ھمے سو.ب ءَ من گوں راستی ءَ گوشت کنیں کہ ادب زندے آدینک انت ءُ زند لبزانک ءِ مجگ زانگ بیت.

رخسانہ گل

تھرڈایئر سائنس

چاچ

۱۔ حُقّہ شہ نہ سبتاگیں مہرہ گاہ پرانت۔ (انار)

۲۔ گمبیت اسپنڈ بندایت۔ (ھشن)

۳۔ ہُمر قولائیءِ میتگ تر یت۔ (کھاکس ءِ ٹال)

۴۔ تئی پت پاگ ءِ بندایت ختم نہ بیت۔ (سڑک)

۵۔ میرعلی گمبدءُ رہ نہ دپ است نہ دریخ۔ (ھیک)

۶۔ پیریں مرد ءِ قبرے تہاء گوشت لوٹیت۔ (کمک)

۷۔ تئی پت دو دانگ دھاکو ءِ وارایت نہ کنت۔ (مرچ)

۸۔ بلُق شپاء نان پچیت صبح پچیّ نسیت (استال)

۹۔ دوبرات کھایت ملام ءَ ہفت برات رو ت سلام ءَ (لمپ)

۱۰۔ چھات ءِ چھات ءِ تہاءَ آپ ءِ آپ ءَ تہاء مارءِ مارءِ دپا ءَ پل ءِ (بتی)

۱۱۔ حبند ءِ تنک تنک ءِ آپ ءِ اُلک اُلک کنت۔ (انگور)

۱۲۔ پنچ گتاءِ دستہ پنچ گتاءِ دستہ نیام ءِ دردانہ ءِ رُستہ ءِ (نیمگ)

محمد جان بلوچ
لیکچرار

لبزانک زندے آدینک انت

لبزانک ءُ زندءِ دومیگ ءِ ھمکر پچ انت۔ زندءُ لبزانک ءِ سیالی ناحن ءُ گوشت ءِ پیمادت ماوت ءُ دلکم بندوک انت۔

نبی آدم ءِ زندے گم ءُ شادھانی دلشان کنگ ءِ شرترین وسیلہ لبزانک اِنت۔ ہر دھد ءُ زمانگ ءِ زندگوازینگ ءِ رنگ ءُ دروشم دئے وڈول ھیال پکردود دربیرگ ءِ رالبزانک ءِ ھماچاگرے پیلویں عکس ءَ پیش داشتگ۔ چہ لبزانک ءِ چارگ پٹاسگ وانگ ءُ تھمیات ءِ ھمادورءُ باریگ ءَ چاگرے رنگ ءُ دروشم ءَ نبی آدم ءِ زندگوازینگ ءِ گوناپائی ڈس دلشان پدر کرتگ انت۔ چوش کہ زندءُ لاشارءُ ءِ ۳۰ سالی سی جنگ ءُ نہ گیگیں دورءُ نوبتانی شاعری ءِ توک ءَ بلوچ استمان کسّت ءُ کینگ بیرگیدی قول ءِ برجاہ دارگ یاھوٹ داری۔

بورتاچی۔ زحم جنتی ءُ مھمانداری ءَ ابیداو مانی تب ءُ میل ءِ گوناپانی ڈس ءُ گواہ گندگ بیت۔ ھمے پیمانوکیں عہدءُ زمانگ ءِ لبزانک ءِ تھمیات کو چہ مارا بلوچ استمان ءِ پکرءُ سوچ ءِ تہاواجی یکوئی ءُ رباجی سیالی پکر ءِ چست ایرانی گوناپ گندگ بیت۔ بزان چہ لبزانک ءِ تھمیات ءِ بنی انسان ءِ زندگوازینگ ءِ چیررندریں ءُ سرظاہریں ھماچاگرے جوزھانی رنگ ءُ دروشم ءُ گوناپانی پدرائی بیت کہ ھماعہد ءُ نوبتانی توک ءَ بنی نوح انسان ءِ داھگ ءُ مارشت چہ بوتگ انت۔ لبزانک زندے جوزھانی پدرائی ءِ شرترین جارچین انت لبزانک گوں زندے دیمری ءَ گوں وھد ءِ روھگ ءُ مارشتان دیم ءَ کنزیت بلکہ گوں جوئیں جوزھان زندے عکس ءَ پہ ھماچاگرے لوٹ ءُ گذرانی گوناپ ءَ پیش داریت۔ چہ لبزانک ءِ چار ءُ ئپاس ءَ بازیں راج ءُ ملکانی تاریخی رزشت (اہمیت) بُن سنجی جوہر ءَ ابید دد ءُ

ہو تمان کلمتی ئیگ اِنت کہ گمان ءَ ١٧٨٣ءَ نبشتہ کنگ بوتگ ءُ ١٨٦١ءَ ماں لنڈن ءَ مزنیں کتاب جاہ ءَ سر بوتگ۔ دگہ یک دزنمشتی کتابے کہ کپتان اسماعیل میل ءِ گشگ ءَ پدا ٧٣-١٨٧٢ءَ واجہ کمالان گچکی ءَ نبشتہ کرتگ کہ ١٨٨٥ءَ ماں لنڈن ءِ کتاب کجاہ ءَ سر بوتگ۔ اے بلوچی ءِ ھیلاکی کتابے زانگ بیت۔ چونائی ءَ اے سئے کتابانی (مجموعہ) اِنت کہ یکجاہ کنگ ءُ "کتاب لغظ بلوچی ءِ نام دئیگ بوتگ.

ایشی ءَ ابید ھمے ڈولیں کتابے بنگال ءِ سول سروس ءِ واجہ سی۔ای. گلیڈ اسٹون ءَ نبشتہ کرتگ ءُ پدا میجر موکلر ھم یک کتابے نبشتہ کرت۔ کہ ١٨٧٧ءَ چھاپ بوتگ اے ردا زبان ءَ گواساں چہ بازیں پٹ ءُ پولاں رندا پدر کرتگ کہ بلوچی سکیں کھنیں ءُ پراہ ءُ شاھگانیں زبانے بلے بازیں سبباں دیم ءَ برگ نہ بوتگ. ھمے ھاترا بلوچی زبان ہر دھمی سدی ءِ آخر یا نوزدھمی سدی ءِ بندات ءَ ماں نبشتہ ءِ رنگ ءُ دیم ءَ اھت۔

بلوچی ءِ چیزءِ کھنیں سھتانی نام

١۔ باؤُ بند:۔ زر ءِ یک سھت ءِ نام اِنت کہ ماں دست ءِ باسک ءَ بندگ بیت اد آرار اتوار ماں۔

٢۔ دستونک:۔ یک ڈولیں مہرگ ءِ نام اِنت کہ ریشم ءَ کمایگ بیت ءُ دست ءَ کنگ بیت.

٣۔ سنگر:۔ زر ءِ یک سھت ءِ نام انت کہ عہدی زمانگ ءَ دست ءَ اِش کتگ۔

٤۔ چمکلی:۔ زر ءِ یک سھت کہ لوڈ ھیں تاک ءِ مان بوتگ ءُ گورا کنگ بوتگ۔

٥۔ ڈولن:۔ زر ءِ یک سھت ءِ کہ لوڑی ءِ جتگ ءُ زالبولاں زی ءَ کرُتگ.

٦۔ لانٹی:۔ تلاح ءِ یک سھت ءِ نام اِنت الیشرا دو زمزیل ءِ پہ زمزیل شہ گوش ءِ لیشت ءَ ارگ بنت ماں سر ءِ گیوار ءَ ہر دوئیں زمزیل ہوار کنگ بنت لانٹی ءِ جند لونز ءَ کنگ بیت.

شوکت علی بلوچ

فرسٹ اَیر پری میڈیکل

شمازان اِت ؟؟؟

کہ بلوچی زبان ءِ سرا چہ درستاں سرکئے پٹ ءُ پول بناکرتگ ءُ بلوچی زبان ءَ راماں نبشتہ ءِ تہا اَرتگ ؟

جی ہاں! چہ درستاں پیسر (انگریز) بزانکہ پرنگیاں بلوچی زبان ءِ سرا پٹ ءُ پول بناکرتگ۔ چہ درستاں سریچ LEACH نامیں مردے ءَ ۱۸۴۰ءَ بلوچی ءِ لہتیں کہنیں شعر ءِ سرحال ءَ ماں "جرنل آف دی ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال" ءَ چھاپ کنائینت اَنت ایشی ءَ رند ۱۸۸۱ءَ "ہتورام" نامی مردے ءَ چہ لاہور ءَ "بلوچی نامہ" ءِ سرحال ءَ شنگ بوءَکیں اُردو کتابے ءِ تہا بلوچی شاعری ءُ ردانک ءِ لہتیں نمونہ چھاپ ءُ شنگ کُت اَنت۔

ایشی ءَ چہ سر ۱۸۷۵ء بروس نامی مردے ءَ یک کتابے لاہور ءَ چھاپ کنائینت کہ ایشی ءِ تہا بلوچی بنداتی گرامر، لھتیں بلوچی ردانک ءُ بلوچی لبزانی لڑ دئیگ بوتگ اَنت۔ اے کتاب ءِ تہا بلوچی ماں عربی، فارسی ءُ رومن لکھوڑ ءَ نبشتہ کنگ بوتگ اَنت۔ ۱۹۰۰ءَ ٹی۔ایم میئر T-M. MAYER نامی مردے ءَ اوّلی رنداں چہ ڈیرہ غازی خان ءُ پداچہ آگرہ ءَ بلوچی شاعری ءِ بابت ءَ لھتیں کسانیں تاک چھاپ ءُ شنگ کت۔ ۱۹۰۷ءَ ءَ لانگ ورتھ ڈیمز ہم دو جوانیں کتاب ماں رومن رسم الخط ءَ چھاپ ءُ شنگ کنائینت کہ یکے ءِ تہا بلوچی کھنیں شعرانی یک بہرے دئیگ بوتگ ءُ دومی ءِ تہا ایشانی ترجمہ ءُ بہر اَنت۔ ماں انگریزی ءَ داتگ اَنت۔ کہ ایشانی سجّیں شعر چہ مری، بگٹی ھند ءُ دمگاں زورگ بوتگ اَنت۔

ایشی ءَ ابید پرنگیانی دھدءِ نولیس زگیں بازیں دپترانی ھال مارا رس اتگ۔ ایشانی تہا اوّلی دفتر

بوھگ ءِ واسطہ ھرچی کہ دوا ءُ درمان ورن. اے درّہ کمیسٹری ءِ برکت ءَ جوڑ بنت۔

سائنس ءِ آھری مستریں بہر فزکس PHYSICS انت کہ اے سائنس ءِ ھما شاخ انت کہ ایشی تہا مادہ ءُ توانائی ءُ ایشانی نیام ءَ وت یک ءُ دومی ءِ گوں ربط ءُ نزیکی ءِ باروا ءَ وانتے ENERGY بزاں توانائی ھما چیز انت کہ مارا کار ءِ کنگ قوت مدد دنت۔ اے آشوبی وَھد فزکس ءِ وانگ ھمے واستہ بازا لمی انت پرچہ کہ انوں یک سُوچن ءِ بگرتہ اٹیم بم ءِ جوڑ کنگ ءَ PHYSICS ءِ ھمے ھمراہ ءُ ھمگام انت۔

مرچی کہ ما بالی گراب ءِ سوار بنت R.C. T.V. چارا ڈش انٹینا اے لوگانی سرا بجاما کمپوٹر ءُ ربوٹ استعمال کنائے درّاہ فزکس ءِ برکت انت۔

سنگتاں!

منی ھیال شمے سائنس ءِ اھمیت ءُ شرّی ءَ سرپد بوشت

شمارا بائید انت کہ شما سائنس بوان انت ءِ وتی راج وتی ڈیھ ءِ دیم لہی ءِ حاطر ءَ سائنسدان ڈاکٹر انجینیر ءُ شریں انسان جوڑ بیت۔

"بیا اُو جَنِک مُروارِدیں"

عبدالحق بلوچ

بیا او جنک مرواردیں
دیم تئی تِلاہ ءِ ءُ باریگیں
ماشتگیں پہ تو ادا
تئی داپے ءَ دلمانگیں
زردءَ منی ہستے تر ہیں
سگّئے بہ جن، کُنتال سُریں
تو مئے دِل ءِ تاراں سُریں
مئے نیادءِ بادگیرءَ گلیں
نندیں دو ڈلیں گپّے جنیں
بیا او جنک مرواردیں

قاصد بروپہ دِھ دھ ءَ
ھالاں بہ دے مہگونگ ءَ
مہرانی آدرُ دانگ ءَ
بلکیں کپ ایت مئے ترانگ ءَ
بیا او جنک مرواردیں
جی پہ تئی نندو نیاد
جی پہ تئی وشیں رواج
جی پہ تئی بچکندگاں
ماتئی ودار ءَ نشتگیں
بیا او جنک مرواردیں۔

کرا ے بائیالوجی ئے ایک بہرے اِشی دومی بہر زولوجی ZOOLOGY ۔ گشنگ بیت کرالیشی ہتاما لُوٹک دبوُجک ۔ مردم لِس وگوک بزاں حیوان ئے نی باروا وانا۔

ZOOLOGY ئے را پدا دو حصّہ بہر کننگ لوت ئے یکیں ورٹی بیرٹا VERTIBRATA ۔ او دومی ان ورٹی بیرٹا۔ INVERTIBRATA ۔

ورٹی بیرٹا ہماساہ دارانت کہ آہانی جون ئے ہتاڈنگ (SPINE) ئے ہڑاست او اِن ورٹی بیرٹا بے ونگ ئے ساہ داراتے ئے گشنگ بیت۔ ورٹی بیرٹا ئے اِن ورٹی بیرٹا ئے یک رند ئے پدا دیگہ بازیں ئے ٹکراتی ہتابہر کرتنگ بلے ما اِدا آہانی قصہ نے کنے پرچہ کہ پدا گپ دراج بیت۔

نوں ما سائنس ئے دومی مترین ٹکر CHEMISTRY ۔ کمیسٹری ئے بابت ئے ہلتے گپ جنے کمیسٹری سائنس ئے ہما شاؤڈ اِنت کہ ایشی ہتاما مادہ MATTER ۔ او ایشی نشری (خواص) خرابیانی باروا گپ جنے مادہ بزاں سنگ گوات، آپیس چیز۔

سائنس گیشت کہ دگینہ مادہ ئے جوڑ انت اگس مادہ مبوت ئے دینا بز لوت۔

کمیسٹری ئے را شرترین زانگ ئے واسطہ ہفت ٹکرے بہر کننگ لوتا آہانی نام اِسے پیاانت۔

۱۔ فزیکل کمیسٹری
۲۔ آرگانک کمیسٹری
۳۔ اِن آرگونک کمیسٹری
۴۔ بائیو کمیسٹری
۵۔ انالیٹکل کمیسٹری
۶۔ نیوکلیر کمیسٹری
۷۔ انڈسٹریل کمیسٹری

کمیسٹری ئے ہتاما ATOM ۔ ایٹم ئے باروا دانے کہ اِیشی دگینہ ئے را بے واب کت ئے ATOM ۔ ایٹم ELEMENT ۔ عنصر ئے ہماکسان چہ کسترین ذرہ انت کہ بید چہ زورآور ئے خوردبین (MICRO SCOPE) چم ئے گوگندگ نہ بیت۔ ایٹم ئے سے (۳) بہر انت۔ الیکٹران، نیوٹران، پروٹان۔

کمیسٹری ئے زند ئے سلامتی ئے واسطہ لعض السّمی ئے انت پرچاکہ ددھے مانا دراہ بنت پہ وش

حمل خان نصیر
بی. الیس سی فائنل

سائنس چی اے

سائنس چی ءِ کہ مرچی ہر کس ءَ راگنوک ءِ کرت ءَ. ہر کس ءَ بچار ھمے ھبر ءِ دپ ءَ انت کہ لسے سائنس ءِ دورانت. اِے ایٹم ءِ دورانت دنیاء ماہ ءِ سرءَ سرانت بلے مارا بائدانت کہ ما چہ ایٹم ءِ زانگ ءُ ماہ ءِ سراریگ ءَ چہ پیسر سائنس ءِ بنداتی معلومداری ءَ کمے بازبزانئے.
سائنس ءِ معنی ھما علم و زانت ءُ زانگ کہ یک چیزے پہ ثبوت ءُ تجربہ جوڑ کنگ بیت.
مرچی بانی گراُب. ٹیلی ویژن ءُ ریڈیو ءُ فلم کُنے چیز گشگ بنت دیم روک ءِ ملک سائنس ءَ انچو دیم شُتگ ءَ کہ نازانت وا تعلیم یافتہ ءُ سرپد بوے مردم ءِ ہم اِنسانی کارنامہ ءُ دیم رئی گندیت حیران بیت. اگن کسے سائنس ءِ دیم رئی ءِ گپے حالان نمشتہ کنگ بلو ٹیت تو آئی واسطا یک سیاہک (مضمون) لبس نہ بیت بلکہ کتابانی یک دفترے درکار بیت من ادا آقصہ نیارے. سائنس ءِ راگیش ءَ چہ گیشتر زانگ ءُ ءِ حاطر ءَ اشارءَ بازیں ٹکرءَ بھر کرتا چوکہ. فزکس، کیمسٹری او بیالوجی ءُ دگر دگہ من ادا سائنس ءَ ہمے مترین سے (۳) ءِ علمانی بارواءَ چیزیں ءِ گپ ءُ تران ءِ کنی.
(BIOLOGY) بائیالوجی ھما زانت ءُ علم انت کہ لے مارا دنیا جہان ءِ ساہ داریں مخلوک ءِ باروءَ سوگر کنت.

بنظ (BIOLOGY) یک لاطینی زبان ءِ لبظ ءِ اسے چہ BIOS بزان زِندءُ LOGOS بزان گپ و بحث ءَ چہ جوڑ بوتا. BIOLOGY، مارا سوج دنت کہ امیبا بگر تا ویل ماہی ءُ چڑءَ بگر تا کہورءَ اے چے بیم رد نت بزان بنت آہانی ورگ و چرگ چے بیم بیت.
دَرچک ءُ دار ءُ کاہ و لبوچ یعنی؛ چہ گل زمین رِود وکین سبزگانی علم ءَ را (BOTANY) باٹنی گشنت

رخشان میگزین (بلوچی بہر)


رِدوبند



اے وحید غمخوار



میزرا احمد جوش




ظہور شاکر بلوچ



عبدالوحید



عبدالوحید عابد



حفیظ سحر بلوچ



ملک داد محمد





نبی بخش عامل





جاوید اُداس



سدھیر بلوچ



محمد اشرف ارسطو بلوچ



محمد جان راز




الطاف ساجد



دلجان قادر



غلام نبی شادان



قدیر ودار





میر حمل نصیر

جلیل بسمل
بی اے فائنل

غزل

○

پھولوں میں بھی مجھے تری صورت ملی نہیں
دل خوں ہوا مگر تری چاہت ملی نہیں

○

مجنوں کو وہ کن ہوں کہ وامق ہو یا کہ ہیر
جاں دیکے بھی کسی کو محبت ملی نہیں

○

تکتے رہے تھے بزم میں پس روئے یار ہم
کہنی تھی دل کی بات پہ خلوت ملی نہیں

○

درد و غم و الم تری الفت کا ہیں صلہ
کیسے کہوں کہ تیری عنایت ملی نہیں

○

بسملؔ خدا کو پائے گا وہ کس طرح کبھی
اس زیست میں جسے کہ محبت ملی نہیں

○

جلیل بسمل گرمکانی

غزل

آوارہ تیرے شہر میں پھرتا ہوں دربدر
تو ہے کہاں بتا ڈھونڈوں تجھے کدھر

یادوں کے اپنے دل میں جلائے تو ہیں چراغ
طوفان انہیں بجھا نہ دیں لگتا ہے مجھ کو ڈر

تصویر تیری بن کے جو ہنستی ہے چاندنی
روتے ہیں ستارے میری حالت کو دیکھ کر

کیسے تجھے میں چھوڑ دوں اے میرے دردِ دل
تو نے تو میرا ساتھ نبھایا ہے عمر بھر

مایوسیاں مٹا دو چہرے سے اے جلیلؔ
اس پر تیرے غموں کا ہوگا نہ کچھ اثر

شعیب سوہار

غزل

خود اپنا آپ نگاہوں میں کچھ چھپا سا لگا
کھلی جو آنکھ زمانہ ہی بے وفا سا لگا

عجیب بات ہے مجھ کو ملا جو شام ڈھلے
ستم شعار تھا لیکن ستم زدہ سا لگا

زبان عام پہ پھیلی تھی جس کی رسوائی
تمام شہر میں وہ آدمی بھلا سا لگا

بسا رہا جو بہت دیر تک خیالوں میں
ملا وہ شخص تو کتنا مجھے جدا سا لگا

جو روز شب کی رفاقت میں اجنبی ٹھہرا
بچھڑ گیا تو مجھے دل کا مدعا سا لگا

زمانہ بدلا تو عنوان بدل گئے یکسر
کتاب زیست کا ہر باب ناروا سا لگا

وہ ماہتاب کہ ہے صدر بزم انجم کا
جو غور سے اسے دیکھا تو دل جلا سا لگا

تلوار اور قلم

تیز سی تلوار سادہ سا قلم
بس یہی دو طاقتیں ہیں بیش و کم

ایک ہے جنگی شجاعت کا نشان — ایک ہے علمی لیاقت کا نشان
آدمی کی زندگی دونوں سے ہے — قوم کی تابندگی دونوں سے ہے
جو نہیں ڈرتے قلم کی مار سے — زیر کرتے ہیں انہیں تلوار سے
جب قلم پاتا نہیں کوئی سبیل — تب فقط تلوار ہے روشن دلیل
حکمرانی کو قلم درکار ہے — امن کی ضامن مگر تلوار ہے
علم کے میدان میں رازی بنو — جنگ کے میدان میں غازی بنو
وقت پر مضمون لکھ زوردار — وقت پر ڈٹ کر لڑو مردانہ وار
وہ پڑھے لکھے جو بے تلوار ہیں — ان کی ساری ڈگریاں بیکار ہیں
بزم میں اشعار کے گوہر مفید — رزم میں تلوار کے جوہر مفید
آج تک جو بھی ہوا ہے نامدار — تھا کوئی جبریل یا مضمون نگار

ساگر کو جتنا قلم سے پیار ہے
اتنی ہی پیاری اسے تلوار ہے

خلیل فرحان
(ایف ایس سی)

ڈگری کالج پنجگور

چھایا ہوا اک نور ہے
کیسی فضاء معمور ہے
ہر شخص غم سے دور ہے
ہر فرد یاں مسرور ہے
یہ ڈگری کالج پنجگور ہے

اک سمت ہے رخشاں رواں
کالج کی بلڈنگ درمیاں
میدان کا اک سلسلہ
کوہ تھوڑی دور ہے
یہ ڈگری کالج پنجگور ہے

کیسی عمارت شاندار
پرشکوہ اور پروقار
آغوش اپنی وا کئے
جنت کی کوئی حور ہے
یہ ڈگری کالج پنجگور ہے

درس اور تدریس کا
بہتا ہوا دھارا یہاں
ہر فکر سے آزاد ہے
استاد جو مامور ہے
یہ ڈگری کالج پنجگور ہے

یہ حال کی تنویر ہے
مستقبل کی یہ تصویر ہے
کون کہہ سکتا ہے اب
منزل ہماری دور ہے
یہ ڈگری کالج پنجگور ہے

ہر سمت اک مہکار ہے
طلباً میں بھی چہکار ہے
خوش بخت ہیں فرحان ہم
غم یاں سے کوسوں دور ہے
یہ ڈگری کالج پنجگور ہے

بہت بھیانک تھی۔

میر باران منشیات کے دھندے سے دوسروں کے گھروں کے چراغ بجھانے میں اتنا مگن تھا کہ اُسے اپنے گھر کے چراغ کا خیال نہ رہا۔

کسی نے سچ کہا ہے جیسی کرنی ویسی بھرنی۔ مرید نے دوسرے نشوں کے ساتھ ہیروئن پینی بھی شروع کردی۔ شروع شروع میں تو کسی کو پتہ نہیں چل سکا لیکن جب میر باران پر یہ بھیانک انکشاف ہوا تو وقت گزر چکا تھا۔ اب میر باران کی دولت بھی اپنے اکلوتے بیٹے کو بچانے سے قاصر تھی۔

وہ لمحہ میر باران کے لیے بہت تکلیف دہ تھا جب اس کا اکلوتا بیٹا اس کی اپنی ہی جلائی ہوئی آگ میں جلنے کے بعد آخری سانس لے رہا تھا۔ میر باران کو ایسے لگ رہا تھا جیسے آج اس کے اس زہریلے نشے کی وجہ سے تمام مرنے والوں کی روحیں اس کے بیٹے سے اپنا انتقام لے رہی تھی۔ مرید بہت تکلیف میں تھا۔ بڑے بڑے ڈاکٹر اُس کے سرہانے بے بس کھڑے تھے۔

مرید کا تڑپنا میر باران سے دیکھا نہیں جا رہا تھا۔ اُسے لگ رہا تھا کہ عزرائیل اسکی شکل میں اُس کے اس کے بیٹے کا گلا گھونٹ رہے ہیں۔ اسکا لاڈ پیار اس کے بیٹے کو روند رہا ہے۔

لیکن اب وقت گزر چکا تھا۔ اب کچھ نہیں ہو سکتا تھا۔

تڑپنے اور سسکنے کے بعد مرید ٹھنڈا ہو گیا۔

میر باران۔ باران سے بارو بن کر گاؤں گاؤں، شہر شہر یہی چلاّ تا رہتا تھا کہ اے لوگوں خواب سے جاگو اپنے بچوں پر نظر رکھو کبھی ہنستا کبھی روتا۔ کبھی اپنے کپڑے پھاڑتا۔ وہ درس عبرت بنا، در در دھکے کھانے لگا۔

میر باران کو اس کے کیے کا انعام مل گیا تھا۔

دو شعر

مرے خدا تری رحمت نے پردہ پوشی کی
گناہ کم نہ تھے میری شرمساری کو

سیاہ ابر مئے سرخ ساقی خوش رو
بہم ہیں آج چلو تم بھی مئے گساری کو

الطاف ساجد
فرسٹ ایئر

ہوئے سبزیوں اور پھلوں کو نقصان پہنچاتے ہوئے ایک باغ سے دوسرے باغ تک جاتے اور معصوم اور بے گناہ پرندوں کو اپنے شکار کی تسکین کے لیے مار دیتے۔

کبھی کسی کے بیٹے کو مار لیا کبھی کسی کی بیٹی کو چھیڑ لیا۔

پورا گاؤں مُرید کے ان کرتوتوں سے بیزار تھا لیکن زبان کھولنے کی کسی میں ہمت نہ تھی کیونکہ میر باران علاقے کا سب سے دولت مند آدمی تھا۔

پٹواری سے لے کر کمشنر تک ہر ہفتے میر باران کے محل نما بنگلے پر حاضری دینے آتے تھے اور اپنی مرادیں پاتے تھے۔

جب عام آدمی کو معلوم تھا کہ میر باران بچوں کی اسمگلنگ، اسلحہ، ہیروئن، شراب اور دوسرے ہر طرح کے غیر قانونی دھندوں میں ملوث ہے۔ تو انتظامیہ اور سرکاری محکمے کس طرح بے خبر ہو سکتے تھے۔ لیکن سب جانتے بوجھتے بھی وہ بے خبر بنے ہوئے تھے کیونکہ قیمتی راڈو گھڑیوں، ڈی سی آر، ٹی وی اور ان کی بیگمات کے لیے بیش بہا زیورات اور قیمتی سوٹوں نے ان کو سب کچھ جانتے بوجھتے بھی انجان بنا دیا تھا۔

مرید جو میر باران کا اکلوتا بیٹا تھا ساری دنیا کی سہولتیں اُسے حاصل تھیں۔ میر باران کے حد سے زیادہ لاڈ پیار نے اُسے حد سے زیادہ ضدی بدتمیز اور خودسر بنا دیا تھا۔ وہ میٹرک میں تھا لیکن سارا گاؤں جانتا تھا کہ مرید نے امتحان کس طرح پاس کیے تھے۔

مرید کے سامنے اُستادوں کی کوئی عزت نہ تھی۔ اُستادوں سے جھگڑا، گالی گلوچ حتیٰ کہ ہاتھا پائی معمول تھا۔

اگر کبھی کسی اُستاد نے میر باران سے اُس کی شکایت کی تو بجائے اپنے بیٹے کو سمجھانے کے وہ استاد پر برستا کہ تم خود نالائق ہو کچھ بھی نہیں جانتے اور غلطی تمہاری ہے میرے بیٹے کو خوامخواہ مورد الزام ٹھہراتے ہو۔

لیکن میر باران کو معلوم نہ تھا کہ اس کے بے جا لاڈ پیار نے اُسکے بیٹے کو کس راہ پر ڈالا ہے، غنڈہ گردی شراب، چرس، آوارہ گردی غرض کوئی ایسی برائی نہ تھی جو مرید نے نہیں اپنائی تھی۔

لیکن اب تک میر باران کی آنکھیں بند تھی۔ اگر کوئی مرید کی شکایت کرتا تھا وہ اس کو اس کے انجام تک پہنچانے کی باتیں کرتا۔

وقت کی گاڑی رفتہ رفتہ اپنی منزل کی طرف چلتی رہی۔ لیکن مرید جس ڈگر پر چل رہا تھا۔ اُس کی منزل

حمل خان نصیر بلوچ
بی، ایس، سی فائنل

انعام

شاہنواز ۔ پریذنٹ سر!
بی بگر ! یس سر!
اختر ! یس سر!
عبدل! پریذنٹ سر۔
میاں یس سر!
مُرید ! ..... !

سر مُرید آج بھی نہیں آیا ہے۔ کلاس کے کسی کونے سے آواز آئی۔

استاد نے حاضری رجسٹر ایک طرف کر کے اپنے دو ہتوں کی شیشے والی عینک کے اُوپر سے کلاس پر ایک ناپسندیدہ نظر ڈالی اور کہا تم سے کسی کو معلوم ہے مُرید کہاں ہے۔ آج ہفتہ ہوا ہے وہ سکول نہیں آرہا ہے۔ درخواست بھی نہیں دی۔

مہینے میں تین ہفتے تو وہ ویسے ہی سکول نہیں آتا" اسے کیا ضرورت ہے درخواست دینے کی" ___ ایک لڑکے نے کہا۔

کیونکہ مرید سرمایہ دار باپ کا اکلوتا بیٹا تھا۔ اس کو کوئی پوچھنے والا نہ تھا۔ چاہے وہ سکول جاتا یا اپنے آوارہ دوستوں کے ساتھ آوارہ گردی کرتا۔ لیکن اسکول کے رجسٹر میں وہ جمعہ کے علاوہ پورا مہینہ حاضر رہتا۔

آج بھی مرید اپنے چند آوارہ دوستوں کے ساتھ بندوق لیے شکار کی غرض سے نکلا تھا۔
وہ اور اس کے آوارہ دوست کبھی کسی کے باغ میں گھستے تو کبھی کسی کی فصلوں کو روندھے

بغیر رشتہ طے ہو گیا۔

عرض محمد کو اپنے والد کے فیصلے پر سر جھکانا پڑا۔ زہرا کی شادی فوراً کر دی گئی، وقت گزرتا رہا عرض محمد کو اسلامیات میں ایم اے کرنے کے بعد ایک کالج میں لیکچرار شپ مل گئی عرض محمد کے کہنے سے کنز بانو کو مڈل تک تعلیم دی گئی۔

اس وقت عرض محمد کی عمر ۲۴ سال اور کنز بانو کی عمر ۱۸ سال تھی جب عرض محمد کی شادی بڑی خوشیوں اور مرادوں کے بعد ہوئی۔ شادی کے چند دن سکھ سے گزر گئے۔

کنز بانو بہت خوبصورت تھی جب کہ عرض محمد واجبی شکل صورت کا مالک تھا۔ سانولی رنگت تھی کنز بانو کو اپنے خوبصورت ہونے کا بڑا ناز تھا۔ کنز بانو ہر وقت عرض محمد کو اس بات کا احساس دلاتی تھی کہ وہ اس کے مقابلے میں کتنا کم ہے۔ ہر روز تُو تُو، مَیں مَیں ہونے لگی۔

عرض محمد ہر روز کی چیخ چیخ سے بچنے کے لیے اپنا تبادلہ کہیں دور کر والیا۔ صرف چھٹیوں یا عید پر آنے لگا۔ مگر کنز بانو کا انداز وہی رہا وہ وہیں کی وہیں تھی۔

اسی کیفیت میں تین سال گزر گئے۔ کنز بانو ذرا نہ بدلی ایک دن عرض محمد نے غصے میں آکر انجام جانے بغیر کنز بانو کو طلاق دے دی کنز بانو کو اپنی غلطی کا شدت سے احساس ہوا مگر اب کیا ہو سکتا تھا۔ کنز بانو روتی بلکتی میکے پہنچی۔ زہرا کی ساس نے اپنے بیٹے سلطان سے کہا۔ زہرا کو طلاق دے دو تمہاری بہن وہاں سکھی نہیں تو زہرا بھی یہاں نہیں رہے گی سلطان نے جواب دیا۔ مگر اماں زہرا سے مجھے کبھی شکایت نہیں ہوئی اور پھر میری اولاد جوان ہو رہی ہے۔ زہرا کی بیٹی ثمینہ ۱۶ سال کی ہے۔ ماں نے بہت سے خطابات دے ڈالے۔ آخر تنگ آکر سلطان نے زہرا کو طلاق دے دی۔

کنز بانو کی تو کوئی اولاد نہ تھی۔ لیکن زہرا کے چھ بچے بے آسرا ہو گئے ماں کی شفقت سے محروم ہو گئے۔

"آخر کب تک یہ ہوتا رہے گا کب تک عرض محمد کنز بانو کے انتظار میں بوڑھے ہوتے رہیں گے۔ اور کب تک زہرا کنز بانو کے جرم کی سزا پاتی رہے گی۔ آخر کب تک آخر کب تک" ــــ زہرا کے بچے مل بیٹھتے تو یہی سوچتے۔

ریحانہ عنبر
سیکنڈ ایئر (آرٹس)

صلہ

شادیانے بج رہے تھے خوشیاں منائی جارہی تھیں. شعبان نے اپنی حیثیت سے بڑھ کر خرچ کیا تھا آخر کیوں نہ کرتے ان کے اکلوتے بیٹے عرض محمد کی شادی اور وہ بھی اس عمر میں کہ اس کے بالوں میں سفیدی جھانک رہی تھی. عزیز دوست محلے دار سب اس خوشی میں دل سے شریک تھے.

شعبان کا تعلق ایک غریب خاندان سے تھا. نوعمری میں اُن کے خاندان کی ایک نیک سیرت لڑکی گنجی سے شادی کر دی گئی. شعبان کو ایک سکول میں چپڑاسی کی نوکری مل گئی. شادی کے پندرہ سال بعد شعبان کے گھر ایک لڑکی زہرا پیدا ہوئی. زہرا کی پیدائش کے تین سال بعد ایک لڑکا عرض محمد کی پیدائش کے بعد یکے بعد دیگرے تین بچوں کی پیدائش ہوئی جو چند دن زندہ رہنے کے بعد فوت ہو گئے.

یہ خاندان غریبوں کی بستی میں آباد تھا. شعبان بچپن سے بچوں کو صاف ستھرے کپڑوں میں آتے جاتے دیکھتا تھا اُس کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ کاش اُس کے بچے بھی اسی طرح صاف ستھرے کپڑے پہن کر اسکول جائیں.

شعبان نے زہرا کو پڑھانا چاہا لیکن خاندان کی مخالفت کی وجہ سے پڑھا نہ سکا عرض محمد جب پانچ سال کا ہوا تو اسے اپنے ساتھ سکول لے جانے لگا.

عرض محمد نے میٹرک کر لیا اور شعبان کے رشتہ دار زہرا کا رشتہ مانگنے آئے شعبان نے کہا بھائی سلیمان آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ ہم لوگ بیٹی دیکر بیٹی لیتے ہیں. سلیمان نے کہا ضرور لیکن میں اپنی بڑی بیٹی اپنے بھائی کو دے چکا ہوں شعبان نے فوراً کہا ہم چھوٹی بیٹی لیں گے سلیمان نے حیرت سے شعبان کو دیکھا اور کہا لیکن شعبان کنیز بانو صرف گیارہ ماہ کی ہے. جب کہ تمہارا بیٹا ماشاءاللہ جوان ہو چکا ہے. شعبان نے سلیمان سے کہا تو کیا ہوا ہم انتظار کر لیں گے. اِس طرح عرض محمد کی رائے جانے

ہوئے کہ اس کے لیے جینا محال ہوا۔ بے روزگاری کے سبب اُس کے تعلقات محدود ہوئے اور وہ آوارہ مزاج لوگوں کی صحبت میں رہنے لگا۔ بے روزگاری کا طوق گلے میں پڑتے ہی اس کے بال بچے نان شبینہ کے محتاج ہو گئے۔ اس کا سکون لٹ چکا تھا۔ اور وہ سکون کی تلاش میں سرگرداں رہا۔ اب لوزل" اس کے بچپن کا دوست" کے سوا اس کا کوئی اور غمخوار اور دوست نہ تھا۔

"لوزل !"

محلے کا بدنام زمانہ غنڈہ تھا۔ پولیس اس کی بھتہ خور تھی۔ اور لوگ اُس سے خائف تھے۔ اُس کا کردار کسی سے پوشیدہ نہ تھا۔ وہ علاقہ کا بدمعاش اور ایک جوئے خانے کا مالک تھا۔ یہاں شراب اور چرس کا دور بھی چلتا تھا۔ لوزل کی دوستی نے اُسے عادی چور، جواری اور شرابی بنا دیا تھا۔ شالو کو اپنے خوابوں کی تعبیر نظر آنے لگی ۔ ۔ ۔ کام بھی آسان تھا۔

"چوری کا آسان راستہ !"

لیکن وہ جب بھی چوری کرتا۔ تو صرف امیر ہی اس کی چوری کا نشانہ بنتے اور وہ اس بارے دوستوں سے ہمیشہ کہتا۔

ہم چوری کیوں نہ کریں۔ یہاں تو ہر کوئی چور ہے۔ اگر ہم یہاں پر دوسروں کو نیک اور پارسا دیکھتے تو کبھی بھی ہم چوری نہ کرتے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ امیر اور منصب دار یہاں پر لاکھوں کی چوری کرتے ہیں لیکن اُن کو کوئی بھی پوچھنے والا نہیں ہوتا کہ یہ رقم آئی کہا سے ! ۔ ۔ ۔ ۔ اور پھر وہ دوستوں سے کہتا۔

۔ ۔ ۔ ۔ ہم ظالموں کو نہیں مانتے ۔ ۔ ۔ ۔ ہم ظالموں کو نہیں مانتے۔

ایک سچا اور کھرا شخص جو کبھی صرف اور صرف محنت پر یقین رکھتا تھا۔ اب محنت کے قابل نہ رہا

"میں پاگل نہیں ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ میں پاگل نہیں ہوں !"

وہ چلاتا ـــــ چلاتا ـــــ اور نڈھال ہو کر گر پڑتا ـــــ لوگ اسے دیکھتے ـــــ اور دامن بچا کر نکل جاتے۔

محنت کشوں کی تقدیر کیوں خراب ہے. نعوذ باللہ خدا ظالم ہے جو اُن کی تقدیر میں بھوک مفلسی اور بیماریوں کے سوا اور کچھ نہیں لکھتا. خدا ہرگز ظالم نہیں ہے. اس کے نزدیک سب لوگ برابر ہیں غربت اور امارت، خوشحالی اور بدحالی کے حالات انسان نے اپنے لئے خود پیدا کئے ہیں. یہ سب دولت مندوں کے کارنامے ہیں. غریبوں کے پاؤں میں مجبوریوں کی زنجیریں انہی دولت مندوں نے ڈال دی ہیں. لیکن یہ لوگ خود ہماری خون پسینے کی کمائی پر قابض ہیں، اور ہمیں صرف اُمید فردا پر زندہ رہنے کی تلقین کرتے رہتے ہیں. لیکن خدا نے غریب کو بھی آنکھیں دی ہوئی ہیں ہمیں اپنے حالات پر خود ہی غور و فکر کرنا چاہیئے ہمیں غریبی کو اپنا مقدر نہیں سمجھنا چاہیئے.

"ولیکن!"

لوگ اُن کے خیالات کو سمجھنے سے قاصر تھے. انہیں تو صرف اس بات کا علم تھا کہ انہیں عبدالرحمٰن کے کارخانے کے طفیل دو وقت کی روٹی نصیب ہو رہی ہے لیکن شالو اُن سے مختلف تھا اُسے غریبی کی وجہ کا علم تھا. اور وہ فرسودہ نظام کو بدلنے کا تہیہ کیا ہوا تھا موسم سرما کی برفیلی صبحوں کو وہ جب اپنے گھر سے نکلتا اور عبدالرحمٰن کے لاڈلوں کو مرسیڈیز میں سکول جاتے دیکھتا تو اس کے دل میں شدید درد اُٹھتا اور وہ اپنے آپ سوچنے لگتا.

سیٹھ کے لاڈلے کس قدر خوش اور خرم ہیں. ان کے کپڑے کتنے نفیس ہیں اُن کے چہرے گلاب کے پھول کی طرح سُرخ اور تروتازہ ہیں اور پھر اسے اپنے بچوں کا خیال آتا.

"مجبور، بھوک سے نڈھال اور پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس بچے!"

اور وہ پھر سوچنے لگتا!

کاش! میرے بچے بھی ایسی آسودہ حال زندگی گزار لیتے وہ کسی اچھے سکول میں پڑھتے! میں محنت کش ہوں. اور محنت کشوں کا دور آنے والا ہے. ایسا دور جس میں سب کے ساتھ انصاف ہوگا! ..... محنت کشوں کے حقوق کے لیے جد و جہد اس کا ایمان تھا. اُس نے خود کو محنت کشوں کے کاز کے لیے وقف کیا ہوا تھا. اور بالآخر اس کے یہی احساسات اس کے لیے وبال جان بن گئے. اُسے مزدوری سے نکال دیا گیا. اُس پر ہر ملازمت کے دروازے بند

خود کو بے روزگار بنانا تھا۔ اس کی مرضی کے بغیر کوئی ایک دن بھی مزدوری نہیں کر سکتا تھا۔ اس لئے وہ اس کے سامنے بے بس اور خاموش تھے کسی کو بھی شالو کے متعلق ان سے سوال کرنے کی جرأت نہ تھی کیونکہ انہیں اس سوال کے انجام کا بخوبی علم تھا یعنی ـــــــ بھوک ـــــــ

بھوک کا احساس اس شخص کو ہوتا ہے جو کہ خود بھوکا ہو۔ شالو بھی ایک ایسا ہی انسان تھا جس نے سکھ کے دن کبھی نہ دیکھے۔ وہ منافقت اور استحصال کے خلاف تھا۔ غریب ہونے کے ناطے غریبوں کا ہمدرد تھا۔ وہ ہمیشہ بھوک اور افلاس زدہ انسانوں کی زندگی بدلنے کے لیے جدوجہد کرتا رہا وہ محلے کا خوش طبع نوجوان ہونے کے سبب سب کو عزیز تھا۔ اُس نے لوگوں کے مسائل کو اپنے مسائل سمجھتے ہوئے انہیں حل کرنے کا تہیہ کئے ہوئے تھا۔ وہ عبدالرحمٰن کے کارخانے کا ایک معمولی مزدور تھا۔ جو کہ صبح شام کولہو کے بیل کی طرح اس کے کارخانے میں کام کرتا تھا لیکن پھر بھی اُسے پیٹ بھر کھانا نصیب نہ تھا۔ وہ گدھے کی مانند کام کرنے کے باوجود غریبی کا طوق اپنے گلے سے اتار پھینکنے سے قاصر تھا۔ البتہ مشین نے اُسے ایک شعور بخشا تھا۔ وہ مشینوں پر کام کرتے کرتے اس بات سے آگاہ ہو چکا تھا کہ محنت کشوں کے خون اور پسینے سے محنت کش کا گھر نہیں بلکہ سرمایہ دار کا گھر دولت کدہ بن جاتا ہے۔

"دیکھو"

یہ کیسا انصاف ہے کہ سماج کے گیسوؤں کو محنت کش سنوارے لیکن مزے سرمایہ دار کریں میں کہتا ہوں۔

اگر محنت کش محنت سے اپنا ہاتھ کھینچ لیں تو کارخانے دار بھی ہماری طرح ہو جائیں ہماری محنت کا ثمرہ . . . . . ؟

بھوک . . . . بیماری . . . . . . اور . . . . افلاس

تقدیر کے ساتھ لڑا نہیں جا سکتا۔ اگر کسی کی تقدیر میں خوشحالی اور آرام لکھا ہو تو دنیا کی کوئی طاقت اُسے محروم نہیں کر سکتی۔

یہاں پر ہر کوئی اپنی قسمت کا کھاتا ہے۔ رمضان کو دیکھو۔ وہ کل تک گدھا گاڑی چلاتا تھا آج وہ علاقے کا سب سے بڑا ٹھیکیدار اور کئی دکانوں کا مالک ہے۔

لیکن شالو اس بات اچھی طرح واقف تھا کہ دولت اور جاگیر کا حصول تقدیر سے نہیں بلکہ جوڑ توڑ سے اور لوٹ کھسوٹ سے ممکن ہے۔

کا سرمایہ خون میں لت پت گھر لوٹتا تو اُس کے ہاتھ دعا کے لیے اُٹھتے. اور وہ چلا چلا کر دُعا مانگتی.
خدایا . . . . آپ مجبوروں کے خود ہی نگہبان ہیں. آپ رحمٰن ہیں آپ رحیم ہیں. خدایا . . . میرے بچے پر آپ خود ہی رحم فرمائیں. ورنہ ماں کو ایسی برداشت دیں جو اپنے بچے کے غم کو سہہ سکے. وہ راہ چلتے بھی یہی. دعا کیا کرتی تھی.

ایک روز وہ یونہی بڑبڑاتی جا رہی تھی کہ اجنبی نے اسے روک کر کہا. مجھے تمہاری بے بسی پر رحم آتا ہے. میری مانو کسی اچھے ڈاکٹر سے شالو کا علاج کراؤ ملّا کے تعویزوں سے کچھ نہیں ہوگا.

ڈاکٹر سے ؟ بوڑھی عورت سوال کرتی ہے۔

ہاں ڈاکٹر سے. میرا اپنا عزیز بھی اسی طرح تھا. جو کہ علاج سے اب مکمل طور پر ٹھیک ہوگیا ہے۔

بوڑھی عورت کے ہاتھ اچانک اپنی بالیوں کی طرف اُٹھے اور اُس کے چہرے پر اطمینان سا جھلکنے لگا.
بالیاں ـــــ جو شالو کے باپ نے تن پیٹ کاٹ کر مجھے بنوا دی تھیں ـــــ نہیں ـــــ میں کیسے بیچ دوں ـــــ بیٹا ـــــ شالو زندہ نشانی ـــــ ہاں بیچ دونگی ـــــ ضرور

ممتا مصلحت پر غالب آگئی. ڈاکٹری علاج سے دعا تعویز تک سارے جتن کر ڈالے مگر سب بے سود رہا. اس کی دیوانگی ویسی ہی رہی۔

شالو. بیٹھے بیٹھے چلانے لگتا.

عبدو عبدو !

تم نے مجھے برباد کیا میں بدلہ تم سے ضرور لوں گا! وہ چلّا چلّا کر کہہ رہا تھا.

"عبدو"

تم میرے ہاتھوں کی وجہ سے عبدو سے عبدالرحمٰن بنے رہو گے اور رئیس . . . . تمہارے مظالم کے سبب شاہ محمد سے شالو بن گیا.

شالو کی باتیں سن سن کر لوگ سیٹھ عبدالرحمٰن کے کردار سے واقف ہو رہے تھے. لیکن خوف اور ڈر کی وجہ سے وہ خاموش تھے. وہ عبدالرحمٰن سے یہ پوچھنے کی جرأت بھی نہیں کر سکتے تھے کہ آخر شالو کا قصور کیا تھا جو تم نے اُسے اس قدر برباد کیا. عبدالرحمٰن اب ایک معمولی آدمی نہ تھا کہ اُس سے بہ آسانی بدلہ لیا جا سکتا. وہ کپڑے کے کارخانے کا مالک تھا. سرکاری افسران سے اس کے دوستانہ مراسم تھے. اس کی مخالفت کرنے کا مطلب

تم مجھے چور اور مجرم اس لیے سمجھتے ہو کہ میں غریب اور مفلس آدمی ہوں ! میں کہتا ہوں کہ ماں کے پیٹ سے کون مجرم پیدا ہوا ہے ؟ بچہ ماں کے پیٹ سے وہ بے گناہ اور معصوم پیدا ہوتا ہے پھر اسے چور اور ڈاکو کون بناتا ہے ؟ غریب آدمی اپنے تاریک ماحول میں شیطان اور بدکردار سمجھا جاتا ہے جب کہ امیر لوگ اپنے ماحول میں عزت دار ؟ کیا غریب کے لیے خوشحالی کی تمنا گناہ ہے. میں حیران ہوں کہ لوگ ایسا کیوں سوچتے ہیں.

میں نے خوشحالی کے خواب دیکھے اور اگر خوشحالی کا خواب دیکھنا جرم ہے تو میں سزاوار ہوں اس لیے کہ میں غریب اور بے بس ہوں ـــــ اڑاؤ مذاق ـــــ تم اور کر بھی کیا سکتے ہو .

شدت درد سے بے ہوش ہو کر وہ زمین پر گر پڑتا ہے اور لوگ اُسے گھیر لیتے ہیں. مجمع اُسے نفرت کی نگاہوں سے دیکھ رہا تھا جب کہ کچھ لوگ انسانیت کے ناطے اُسے ہوش میں لانے کی کوشش کرنے لگے لیکن وہ کوشش بسیار کے باوجود ہوش میں نہ آسکا. پولیس وین میں اُسے ہسپتال پہنچا دیا گیا

شالو کے لیے ہسپتال بھی جہنم تھا. یہاں بھی وہ نفرتوں کا شکار تھا. وہ کس حال میں صحت یاب ہو کر گھر لوٹا یہ تو اس کا دل ہی بہتر جانتا تھا. وہ صحت یابی کے بعد بظاہر تو خوش نظر آرہا تھا لیکن غم دیمک کی طرح اندر ہی اندر اُس کے وجود کو چاٹ رہا تھا. اور پھر غم اور تفکرات سے اس کا ذہن مفلوج ہو گیا تھا کل کا بدنام شالو اب پاگل ہو چکا تھا. زندگی کی رونقوں سے محروم ہو چکا تھا. اور وہ اب سڑکوں اور چوراہوں پر دیوانگی کے عالم میں چیختے ہوئے ہر گزرتی ہوئی گاڑی پر پتھر برساتا تھا.

ہاہاہاہاہا . . . . میں نے انتقام لے لیا . . . . . میں نے انتقام لے لیا.

لیکن وہ آج قانون کی گرفت سے آزاد تھا. قانون جو کہ ہوش مند آدمیوں کے لیے ہے اور پاگل انسانوں کے لیے ابھی تک کوئی ایسا قانون نہیں جو ان سے باز پرس کرے.

شالو کی پاگلانہ حرکات سے لوگ بیزار تھے. کئی بار اس کے گھر والوں سے شکایت کی وہ کیا کرتے وہ تو خود اس سے بےزار تھے . بیوی میکے جا چکی تھی. اور گھر میں صرف اس کی بوڑھی ماں تھی جو کہ اس کا غم سہنے کے لیے زندہ تھی. اِس غم نے بوڑھی ماں کو نیم جاں کر دیا تھا. جب بھی اُس کے بڑھاپے

میں چور نہیں ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ میں چور نہیں ہوں۔

وہ قید خانے میں ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا لیکن وہ اپنے کئے پر پریشان نہ تھا بلکہ عدالت کے فیصلے کو دل ہی دل میں بُرا بھلا کہہ رہا تھا اور پھر بہت جلد اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔ وہ شدت درد سے کرّاہ اٹھا۔ اور خون زمین پر گر کر جزدِ زمین بن گیا۔ اس کے لہو نے زمین کو لالہ زار کر دیا۔ وہ لگاتار چلائے جا رہا تھا۔

میں چور نہیں ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ میں چور نہیں ہوں۔

شالو سماجی عدم مساوات کا شکار ہو کر اپنے مضبوط ہاتھ سے محروم ہو چکا تھا ہاتھ جو اُس کے رزق کا وسیلہ تھا لیکن وہ اب اپنی زندگی کے اس سرمایہ سے محروم تھا اس کا کٹا ہوا ہاتھ لوگوں کے لیے باعث عبرت تھا۔

پکڑیئے ۔ ۔ ۔ ۔ پکڑیئے جانے نہ پائے۔" ـــــ اچانک شور اُٹھا۔

ایک اور جیب کترے نے اپنے ہاتھ کا کمال دکھایا۔ تماشائیوں میں کسی کی جیب کٹ چکی تھی اور لوگ حیرت سے پولیس کا منہ تکنے لگتے ہیں کہ اچانک پولیس کا ایک سپاہی اپنی توند کو ہلاتے ہوئے بڑی ڈھٹائی سے کہتا ہے کہ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی آخر تو یہ ہونا تھا۔ ہاہاہاہا ـــــ ہاہاہاہا ـــــ آئندہ چوری کرو گے ؟۔

ہتھکڑی والے کو پولیس نے گھیر رکھا تھا۔ انہیں اُس جیب کترے کی پرواہ نہ تھی جو واردات کے بعد رفو چکر ہو چکا تھا۔

شالو کے لیے اب دنیا تاریک تھی۔ لوگوں کے طعنوں سے وہ تنگ آ چکا تھا۔ اس کا مضبوط بدن کانٹے کی طرح سوکھ رہا تھا۔ اور اس کا مرجھایا ہوا چہرہ اور سوکھا ہوا بدن دیکھ کر لوگوں کو یقین نہیں آتا ہے کہ یہ کسرتی بدن والا شالو ہے۔ وہ جہاں سے بھی گزرتا لوگ اسے چور کہہ کر پکارتے اور وہ پاگلوں کی طرح چلا اُٹھتا۔

میں چور نہیں ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ میں چور نہیں ہوں۔

تم لوگ بے شعور ہو۔ اگر تمہیں شعور ہوتا تو مجھے ہرگز چور نہ کہتے۔ میں کہتا ہوں کہ خدا کے لیے مجھے چور ہونے کا طعنہ نہ دو۔

غنی طارق

پاگل

مرکزی خیال بلوچی افسانے گنوک سے لیا گیا ہے

کمرہ عدالت لوگوں سے بھرا ہوا تھا۔ اور وہ بڑے انہماک سے گیٹ کی طرف دیکھ رہے تھے۔ لگتا تھا کہ وہ کسی کے منتظر تھے کہ اچانک دروازہ کھل جاتا ہے اور پولیس ایک قیدی سمیت اندر داخل ہوتی ہے گھنگریالے بالوں اور لمبے قد کا ایک کالا آدمی جس کا نام شالو تھا۔ شالو اِس شہر کا مشہور چور اور پولیس کی فائلوں میں دس نمبری مجرم تھا لیکن آج وہ اپنے جرائم کی سزا سننے کے لیے عدالت کے کٹہرے میں کھڑا تھا۔ اُس کے چہرے پر غصہ تھا۔ اس کے ماتھے کی شکنیں ظاہر کرتی تھیں کہ وہ بہت غصے میں ہے

"مائی لارڈ"

قانون مجرم کے نزدیک ایک کھلونا ہے۔ اس نے کبھی بھی قانون کی پرواہ نہ کی۔ اس نے خود کو قانون سے آزاد ملک کا سب سے بڑا ڈاکو، قاتل اور رہزن سمجھا ہے۔ اگر اس طرح کے قانون شکنوں سے باز پرس نہ کی گئی تو یہاں شریفوں کے لیے زندگی گزارنا مشکل ہو جائے گی۔ اور لوگوں کا اعتماد قانون پر سے اٹھ جائے گا میں عدالت عالیہ سے گزارش کرتا ہوں کہ ایسے مجرم کے لیے سخت سے سخت سزا منظور کی جائے تاکہ ایسے لوگوں کو آئندہ جرم کرنے کا حوصلہ نہ رہے۔ وکیل نے اپنی جذباتی تقریر کے ذریعے اُسے مجرم ثابت کرنے کی حتی المقدور کوشش کی اور وہ اس میں کامیاب رہا۔ سزا کا حکم سنایا گیا۔

"ہاتھ کاٹنے کی سزا"

شالو سزا کا حکم سنتے ہی کانپنے لگا۔ پولیس اسے ہتھکڑیاں پہنا کر عدالت سے باہر لے جا رہی ہوتی ہے تو شالو چلانے لگتا ہے۔ وہ غصّے سے چلّا چلّا کر کہہ رہا تھا۔

رخسانہ گل
بی ایس سی سال اول

مفید اور کارآمد باتیں

- خیرات مال میں اضافہ کرتی ہے۔
- احسان دشمن کو بھی زیر کر لیتا ہے۔
- انسان کا سب سے بڑا دشمن نفس ہے۔
- جو اپنی اصلاح نہیں کر سکتا اس سے دوسروں کی اصلاح ممکن نہیں۔
- خاموشی فضول گوئی سے بہتر ہے۔
- دل کی صفائی سب سے زیادہ خوبصورت ہے۔
- جو محبت آپ اپنے ماں باپ سے کریں گے۔ وہی محبت آپکی اولاد آپ سے کرے گی۔
- دنیا ایک بنک ہے تم کو اس سے وہی چیز ملے گی جو تم نے جمع کی ہے۔
- امن چاہتے ہو تو اپنے کان اور آنکھ استعمال کرو لیکن زبان بند رکھو۔
- بیماری گھوڑے کی رفتار سے آتی ہے اور چیونٹی کی رفتار سے جاتی ہے۔
- آدمی کو خود اس کی ذات کے سوا کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی
- سچ بولنے والا دشمن جھوٹے دوست سے اچھا ہے۔
- زبان اگرچہ تلوار نہیں لیکن تلوار سے تیز ہے۔
- دوسروں کی غلطیاں بھول جاؤ لیکن اپنی ہمیشہ یاد رکھو۔

آج آپ کو کس نے یوں کرنے کو کہا ہے. عامر نے حیرانی سے پوچھا. جاگیردار فوراً بول اُٹھا بیٹے جب تم اپنے میاں مٹھو سے باتیں کر رہے تھے. تو شہزاد تمہیں بلانے آیا تھا. لیکن تمہاری باتیں سن کر دروازے سے ہی لوٹ گیا اور مجھے سب کچھ بتا دیا. عامر کی آنکھوں میں خوشی کے آنسو آ گئے، اور وہ جاگیردار کی ٹانگوں سے لپٹ کر رونے لگا. میاں مٹھو سب کچھ دیکھ رہا تھا اس نے جھٹ سے کہا عامر میاں آزادی کا دن مبارک ہو اور پھر اُڑ گیا.

یاد رکھیں

- مسکراہٹ وہ دوا ہے جو بازار سے نہیں ملتی.
- ماں کے بغیر گھر ویران ہے.
- بلند ہمت غربت میں بھی خوش رہتا ہے۔
- بادل کی طرح برسو، جو پھولوں پر نہیں بلکہ کانٹوں پر بھی برستا ہے۔
- اس خوشی سے دور رہو جو دوسروں کو درد دے کر حاصل ہو۔
- انسان کا پیٹ اس کا دشمن ہے۔
- علم کو جڑ اور فائدے کو پھل تصور کرو.
- تمام چیزوں سے افضل طلب علم ہے۔
- جھوٹا وعدہ کرنے سے انکار بہتر ہے.
- ہمدردی وہ عالمگیر زبان ہے جسے جانور بھی سمجھ لیتے ہیں۔
- انسان کو دریا کی طرح سخی، سورج کی طرح شفیق اور زمین کی طرح نرم ہونا چاہیئے.
- اس خوشی سے دور رہو جو کل کانٹا بن کر دکھ دے۔

محمد جان سیکنڈ ایئر

کہ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ہمارا یہ اپنا ملک ہمیں ملا تھا۔ ہمارے بڑے بزرگوں نے اپنی جان و مال کی قربانیاں دی تھیں۔ آزادی کے اس دن کو ہم بہت خوشی سے مناتے ہیں کیونکہ اِس دن ہم آزاد ہوئے تھے اور آزاد وہ ہوتا ہے جو اپنی مرضی سے اپنا ہر کام کر سکے۔ طوطے نے یہ سب باتیں سنیں تو ہنس کر چپ ہو گیا۔ عامر نے حیرت سے پوچھا میاں مٹھو تم چپ کیوں ہو مگر طوطا کچھ نہ بولا دن گزرتے گئے، آخر ایک دن ایسا آیا جب ہر گھر میں چراغاں ہونے لگا لوگ نیاز اور میٹھے کھانوں کا اہتمام کرنے لگے ہر طرف جھنڈیاں لگیں اور پوری فضائیں پاکستان زندہ باد کے نعروں کی گونج اٹھی طوطا سمجھ گیا کہ صبح ۱۴ اگست ہے۔ وہ مبارک دن جس کے لیے یہ سب اہتمام ہو رہا ہے طوطا مزید اُداس ہو گیا۔ صبح ہوئی ہر شخص نے خوشی کا اظہار کیا۔ عامر اپنے میاں مٹھو کے پاس میٹھی چوری لے کر خوش خوش آیا مگر طوطے نے ایک لقمہ بھی چوری کا نہ لیا۔ عامر کے بار بار اصرار کرنے پر وہ بولا عامر میاں آج انسان اس لیے گلے مل رہے ہیں کہ وہ آزاد ہیں۔ ہم پرندے بھی آزادی چاہتے ہیں۔ آج مجھے اپنوں سے بچھڑنے کا اور تمہاری قید میں رہنے کا غم بہت ستا رہا ہے۔ کاش میں بھی اپنوں کے ساتھ کھلی فضا میں چہکتا یہ کہہ کر طوطے کی آنکھوں میں نمی آئی اور خاموش ہو گیا۔ یہ سن کر عامر تڑپ اٹھا اور اس نے پنجرے کا دروازہ کھول دیا اور کہا جاؤ میرے میاں مٹھو تمہیں آزادی کا دن مبارک ہو۔ طوطا بولا اے اچھے لڑکے تم نے مجھے آزادی دی خدا تمہیں بھی آزادی سے رہنے کا سکون دے تب عامر چونک پڑا اسے احساس ہوا کہ وہ آزاد ہوتے ہوئے بھی آزاد نہیں فرق صرف اتنا ہے کہ طوطا پنجرے کی قید میں ہے۔ اور میں جاگیردار کی قید میں ہوں کہ اپنی مرضی سے علم بھی حاصل نہیں کر سکتا۔ اور نہ دن کے وقت بچوں کے ساتھ کھیل سکتا ہوں۔ عامر اندر ہی اندر دل میں محسوس کر گیا تھا۔ ابھی وہ یہی سوچ رہا تھا کہ جاگیردار اس کے گھر میں داخل ہوا عامر نے کچھ بولنا ہی چاہا تھا کہ جاگیردار نے اس کے سر پر محبت سے ہاتھ پھیرا اور کہا **بیٹا** کیوں اُداس ہوتے ہو آج سے تم بھی اپنی مرضی کے مالک ہو کل سے تم بھی سکول جاؤ گے میرے بیٹے شہزاد کے ساتھ گھر آ کر پڑھو گے بھی اور کھیل کود میں بھی حصہ لو گے تمہارے سب اخراجات میں اٹھاؤں گا مگر میں تو ۔۔۔۔۔۔

عامر نے کچھ کہنا چاہا۔ جاگیردار بول اٹھا ڈرنے کی کوئی بات نہیں تمہارے باپ کا قرض میں نے معاف کیا اس کی تمہیں فکر نہیں کرنی چاہیے اور اب کبھی اُداس مت ہونا لیکن صاحب جی

غلام نبی شادان
سیکنڈ ایئر

آزادی کا دن

عامر اپنے ماں باپ کا اکلوتا بیٹا تھا وہ اپنے گاؤں کے پرائمری سکول میں چوتھی جماعت کا طالب علم تھا۔ جب اس کے والد کا انتقال ہوا۔ وہ اپنی تعلیم بھی جاری نہ رکھ سکا۔ کیونکہ ایک تو اِس کی ماں اس کے تعلیمی اخراجات پورے نہ کر سکتی تھی دوسری اسکو اب اپنے گاؤں کے جاگیردار کا پابند ہونا پڑا کیونکہ اس کے والد نے جاگیردار سے کچھ قرضہ لے رکھا تھا جو وہ وہاں مزدوری کر کے ادا کرتا تھا۔ اور اب وہ قرضہ اِسی صورت میں چکایا جا سکتا تھا کہ عامر وہاں ملازمت کرے وگرنہ ان کا کچا مکان بھی ان سے چھین جاتا سو عامر کو اپنی تعلیم ختم کرنی پڑی جب وہ اپنے ہم عمر بچوں کو سکول جاتے اور گلیوں میں کھیلتے دیکھتا تو ایک ٹھنڈی آہ بھر کر رہ جاتا لیکن تقدیر کے آگے کس کی چلتی ہے۔ اب وہ دن میں جاگیردار کے گھر مزدوری کرتا اور اُس کی ماں گھر پر سلائی کڑھائی کر کے پیسے کماتی تو دونوں ماں بیٹا رات کو رُوکھی سُوکھی کھا کر سو رہتے۔ کبھی رات کو عامر کتاب لے کر بیٹھ جاتا چونکہ اسے پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ اس کا ہم جماعت بھی کتابیں لے کر پڑھتا رہتا جاگیردار چونکہ زیادہ سخت اور جابر نہ تھا اس لیے وہ عامر سے زیادہ مشقت نہ کرواتا بس چھوٹا موٹا کام اس کے سپرد تھا کبھی سودا سلف لے آیا مویشیوں کی دیکھ بھال کر دی ان کا چارہ بنوالایا حویلی کے باہر چوپال کی صفائی کر دی یا مہمانوں کے سامنے چائے وغیرہ رکھ دی عامر نے ہر کام توجہ اور ایمانداری سے کیا۔ تو جاگیردار کبھی خوش ہو کر اس کو ایک روپیہ انعام بھی دے دیتا۔ ایک روپے سے وہ کہانی کی کوئی کتاب خرید لیتا اور پڑھ کر خوش ہوتا۔ عامر نے اپنے گھر میں ایک طوطا پال رکھا تھا جسے وہ میاں مٹھو کہتا تھا۔ اس نے طوطے کو بہت اچھی اچھی باتیں سکھا رکھی تھیں جب عامر طوطے کے پاس بیٹھ کر اپنی کتاب پڑھتا طوطا بھی وہاں کچھ یاد کر لیتا ایک دن عامر نے کتاب کھولی اس میں سبق تھا (آزادی کا دن) طوطے نے جب یہ سنا تو جھٹ بولا یہ آزادی کا دن کیا ہوتا ہے۔ عامر نے اسے بتایا

سماجی سرگرمیوں کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ مل جُل کر کام کرنے اور دوسروں کے ساتھ ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنے کی تربیت حاصل ہو جاتی ہے جس سے نوجوان مرد اور عورتیں معاشرتی قدروں کی حفاظت کرنا سیکھ لیتے ہیں تعمیری کاموں اور دوسرے کی مدد سے ان کے اندر جو عزت نفس پیدا ہوتی ہے۔ وہ انہیں جنسی بے راہ روی سے بچائے رکھتی ہے۔ سماجی کاموں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی ذمہ دارانہ اور صحیح خطوط پر تربیت کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں

نوجوان افراد خواہ وہ کسی ملک کی بھلائی کا کام کرنے کے لیے آمادہ ہیں وہ اس مقصد کے لیے اپنے اوپر زیادہ بڑی ذمہ داریاں بھی لے سکتے ہیں. اس کا انحصار دوسرے لوگوں کے رویہ پر ہے یعنی ہم نوجوانوں کی بات کتنے غور سے سنتے ہیں. ان کی ضروریات پر کتنی توجہ دیتے ہیں انہیں اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کی کتنی آزادی اور رہنمائی مہیا کرتے ہیں. بلکہ ان کی تعلیم اور روزگار تک کے مسائل حل کرنے کی ضمانت دیتے ہیں۔

تعمیری کاموں کے ذریعے عزت نفس حاصل کرنے کے کتنے مواقع فراہم کرتے ہیں یہ سب باتیں آج کے معاشرے کے لیے چیلنج کی حیثیت رکھتی ہیں. اس کے لیے ان لوگوں کو جو ماضی میں نوجوان رہ چکے ہیں. اور آج نوجوانوں کے سر پرست ہیں انہیں اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لانا ہو گی.

اقوال زریں

- جو طالب علم طالب علم کی حالت میں مرتا ہے۔ وہ شہید ہوتا ہے.
- موت ایک بے خبر ساتھی ہے۔
- معاف کرنا نہایت اچھا انتقام ہے.
- دوستی ایک خود پیدا کردہ رشتہ ہے.
- غریب وہ ہے جس کا کوئی دوست نہ ہو.
- ماں کے قدموں تلے جنت ہے.
- ماں آسمان کا آخری تحفہ ہے.
- کشادہ روی سے پیش آنا سب سے پہلی نیکی ہے.
- دل کی سب سے بڑی بیماری حسد ہے.

شعیب شوباز

ہونے، معذور ہونے حتیٰ کہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھنے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔

۴۔ سڑکوں پر ٹریفک اتنا پر ہجوم تیز رفتار ہے کہ نوجوان دوران سفر ہر وقت حادثات کے خطرات میں گھرے ہوتے ہیں۔

۵۔ کھانے پینے کی عادات میں تیزی سے تبدیلی آرہی ہے۔ اور ان کے ساتھ منہ کو صاف رکھنے کی ضروریات بھی اس تیزی سے تبدیل ہو رہی ہیں جب کہ ان قوتوں پر بالکل توجہ نہیں دی جاتی جس کے نتیجے میں نوجوانوں کا وجود اور مستقبل کی زندگی کے لیے خطرات بڑھ رہے ہیں۔

۶۔ آج کا دور تیز رفتاری اور نفسانفسی کا دور ہے۔ تعلیمی اور اقتصادی مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے سبقت لے جانے کی دوڑ لگی ہوئی ہے۔

صرف وہی لوگ کامیاب قرار پاتے ہیں جو اس دور میں دوسروں کو پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔ اس جذبہ مسابقت نے نوجوانوں کو شدید نوعیت کے ذہنی دباؤ اور نفسیاتی پیچیدگیوں میں مبتلا کر دیا ہے۔ جس کے نتیجے میں خودکشی کے واقعات میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ ترقی کے اس دور نے جہاں تک آج کے نوجوانوں کے لیے بے شمار خطرات پیدا کر دیئے ہیں۔ وہاں اس دور کا ایک روشن پہلو بھی ہمارے سامنے ہے۔ آج ہمیں دنیا بھر کے نوجوانوں کی توانائی تخلیقی صلاحیتوں اور اصول پرستی کو بنی نوع انسان کی بھلائی کے لیے استعمال کرنے کے لیے مواقع حاصل ہیں جو اس سے پہلے کبھی بھی نہیں تھے تقریباً تمام معاشروں کے نوجوان افراد اپنے خاندان، بچوں اور دوسرے افراد کی بہبود کے لیے اپنا قیمتی وقت اور توانائی بخوشی صرف کرنے کو تیار ہیں۔ انہیں جب بھی مدد کے لیے پکارا جاتا ہے وہ کبھی مایوس نہیں کرتے بلکہ بغیر کہے بھی اپنی خدمات پیش کر دیتے ہیں۔ نوجوانوں میں سماجی ترقی اور دوسروں کی مدد کا جو جذبہ موجزن ہے اس سے بے شمار فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ یہ جذبہ ان کی اپنی ذات کے لیے سودمند ثابت ہو سکتا ہے۔ اس جذبہ کو کام میں لاکر ان میں عزت نفس پیدا کی جا سکتی ہے۔ مدد کرنے والے کو اپنے کام کا صلہ اس وقت مل جاتا ہے۔ جب وہ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچا کر روحانی سکون محسوس کرتا ہے۔ نوجوان جب سماجی بہبود کا کام سرانجام دیتے ہیں تو انہیں اپنی جسمانی قوت کو خرچ کرنے کا ایک تعمیری راستہ مل جاتا ہے۔ اور وہ اپنی توانائی تخریبی کارروائیوں کی نذر کرنے سے باز رہتے ہیں۔

کرنا انتہائی مشکل ہے. چنانچہ اگر موجودہ ثقافتی اقدار کو قائم رکھتے ہوئے تعمیر و ترقی کے لیے نئے راستے تلاش کرتے ہیں، تو اس کا انحصار کسی حد تک اس بات پر ہے کہ نوجوان خود اپنی تخلیقی اور توانائی "صلاحیتوں سے کتنا فائدہ اٹھاتے ہیں اور اپنے مقصد سے کس حد تک مخلص ہیں ان تقاضوں پر پورا اُترنے کے لیے نوجوانوں کا صحت مند ہونا انتہائی ضروری ہے. قوموں کی صحت سے مراد افراد کی صحت ہے. محض ان کی بقا نہیں. عالمی ادارہ صحت کے مطابق صحت صرف بیماری یا کمزوری کا نام نہیں بلکہ یہ وہ کیفیت ہے جس میں انسان اپنی جسمانی، ذہنی اور سماجی سرگرمیاں صحیح طور پر انجام دے سکے. سالہا سال تک نوجوانوں کی صحت کو اس لیے نظر انداز کیا جاتا ہے. کہ وہ بچوں اور بوڑھوں کی نسبت زیادہ طاقتور ہوتے ہیں. اور آسانی سے کسی بیماری کا شکار نہیں ہوتے. لیکن آج کل کے دور میں معاشرتی حالات جس طرح تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں. اس کے نتیجے میں نوجوانوں کا رویہ اور اُن کی صحت متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی. مثال کے طور پر غیر ملکی ٹیلی وژن پر دکھائے جانے والے پروگرام اپنے ملک کی معاشرتی اور دوسرے رویوں کی نہ صرف عکاسی کرتے ہیں. بلکہ مغربی ممالک میں والی انگلش فلمیں جو خاص کر غیر اخلاقی مناظر سے بھرپور ہیں. یہ پروگرام یا فلمیں پاکستانی اقدار کے منافی ہیں خصوصاً نوجوان جن کے ذہن ابھی ناپختہ ہیں. ان پروگراموں کے منفی اثرات قبول کئے بغیر نہیں رہ سکتے. یہ مسئلہ صرف پاکستان کے نوجوانوں کو ہی نہیں بلکہ دنیا بھر کے نوجوانوں کو درپیش ہے. چنانچہ منفی قسم کی ثقافتی اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی تبدیلیوں نے نوجوانوں کے لیے بہت سے خطرات پیدا کر دیئے ہیں. جن میں سے چند ایک حسب ذیل ہیں.

۱. غیر اخلاقی فعل کے نتیجے میں ایک دوسرے کو لگنے والی بیماریاں وبا کی صورت میں پھیل رہی ہیں. اور "ایڈز"، جیسی مہلک اور لاعلاج بیماری نے ترقی یافتہ ممالک کو بھی پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے.

۲. تمباکو، شراب اور نشہ آور ادویات کا استعمال روز بروز بڑھتا جا رہا ہے. خصوصاً "ہیروئن" کی لعنت نے دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے. نہایت تکلیف دہ بات یہ ہے کہ بعض با اثر افراد صرف مالی فوائد کے لیے نوجوانوں کو نشے کی لت لگا دیتے ہیں.

نوجوانوں کو درپیش خطرات براہ راست سائنسی ترقی کا نتیجہ ہیں مثلاً.

۳. بعض صنعتیں انسانی صحت کے خلاف ہیں. جن کے نتیجے میں کام کے دوران مزدوروں کے زخمی

سجاد ظہیر ساگر
سیکنڈ ایئر (سائنس)

نوجوانوں کے لیے چیلنج

ہر معاشرے میں بزرگ نسل کو نوجوان افراد سے بڑی اُمیدیں وابستہ ہوتی ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ کچھ خدشات بھی دامن گیر ہوتے ہیں۔ نوجوانوں کا بنیادی فرض یہ ہے کہ وہ معاشرے کی بنیادی اقدار کو نقصان پہنچائے بغیر اس دنیا کو بہتر بنائیں۔ لیکن خطرہ یہ ہوتا ہے کہ کہیں وہ حالات کو مزید بگاڑ کر نہ رکھ دیں۔ یہ دونوں قسم کے احساسات آغاز شباب کی بعض غیر معمولی خصوصیات سے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ وہ زمانہ ہوتا ہے جب انسان بچپن کی محتاجی کی حالت سے نکل کر بلوغت کی آزاد اور خود مختار دنیا میں قدم رکھتا ہے۔ جب ماضی کو شک کی نظروں سے دیکھا جاتا ہے۔ اور مستقبل کے بارے میں جرأت مندانہ فیصلے کئے جاتے ہیں جو اُن کی اور اُن کے بچوں کی زندگیوں کی تشکیل میں حصہ لیتے ہیں۔

بچپن سے بلوغت میں داخل ہونے کا عبوری دور تو ہمیشہ سے چلا آرہا ہے۔ لیکن اس میں جتنی ڈرامائی تبدیلی اب دیکھنے میں آرہی ہے۔ ماضی میں کبھی نہیں آئی۔ دنیا کی آبادی میں بڑی تیزی سے اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ دنیا کی نصف سے زیادہ آباد ۲۵ سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے۔ ۳۰ فیصد آبادی میں دس سے پچیس سال کی عمر کے افراد شامل ہیں۔ جن میں سے ۸۰ فیصد کا تعلق ترقی پذیر ممالک سے ہے۔ اس کے علاوہ دیہات سے شہروں کی طرف نقل مکانی کا رجحان زوروں پر ہے مواصلات اور سفر کے ذرائع میں انقلابی ایجادات معرض وجود میں آچکی ہیں۔ ان سب عوامل نے دیکھتے ہی دیکھتے ایسے حالات پیدا کر دئے ہیں جو پہلے کبھی نہیں تھے۔ آج کے نوجوانوں کو ایسے چیلنجوں کا سامنا ہے جن کا وجود ماضی میں نہیں ملتا۔ خاص طور پر ان کے لیے یہ بات بہت مشکل ہے کہ وہ ان رویوں کو اپنائے رکھیں جو آج کے دور سے مختلف تھے۔ پھر بزرگ نسل کے لیے بھی آج کے نوجوانوں کی رہنمائی

ہے کہ ہمارے ہاں امتحانات کو آجکل ایک مذاق سمجھا جاتا ہے۔ لوگ گھروں میں بیٹھ کر امتحانی فارم پُر کرتے ہیں اور صرف امتحان سے ایک دن پہلے بک اسٹال پر جا کر ایک ٹیسٹ پیپر خرید کر کمرہ امتحان میں بیٹھ جاتے ہیں اور ٹیسٹ پیپر کو سامنے رکھ کر اطمینان سے سوالوں کو حل کرتے ہیں اس طرح معیار تعلیم کیسے اونچا ہوگا۔ ایسے حالات میں نہ استاد کی اہمیت باقی رہ جاتی ہے۔ اور طلباء کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس رہ جاتا ہے نہ اساتذہ پڑھائی کو اپنے فرائض منصبی میں شامل کرتے ہیں اور نہ طلبا پڑھائی میں دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ نقل کرنے کی اصل وجہ ناقص نظام امتحان ہے۔ اگر نظام امتحانات کچھ اس طرح ہو کہ سوالات پورے نصاب پر مشتمل ہوں اور ان کو حل کرنے کے لیے پوری کتاب دیکھنے کی ضرورت پڑے تو کسی کی کیا مجال کہ وہ نقل کر کے پاس ہو جائے۔ اس طرح کے امتحانات میں وہ طلبا کامیاب نہیں ہو سکتے جو اپنا وقت گزارنے کے لیے کالج آتے ہیں اور نہ وہ حضرات جو گھروں میں بیٹھ کر ٹیسٹ پیپروں کا سہارا لیتے ہیں بلکہ صرف اور صرف وہی طلبا کامیابی سے ہمکنار ہوں گے جو نصابی کتب پڑھیں گے۔

نقل کی لعنت سے بچنے کے لیے میری ایک تجویز یہ بھی ہے کہ جو نصاب پرائمری اور ثانوی سطح تک رائج ہے وہ طلبا کے لیے غیر دلچسپ ہے اپنی غیر دلچسپی کی وجہ سے وہ طلبا میں صحیح ادراک پیدا نہیں کر پاتا اگر ہمارا نصاب دلچسپ آسان اور بامعنی ہو تو نہ صرف طلبا تعلیم پر توجہ دیں گے بلکہ نقل سے باز رہیں گے کیونکہ جب انہیں نصاب پر مکمل عبور حاصل ہوگا تو نقل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا۔ اگر ریٹائرڈ اساتذہ کو امتحانات کی نگرانی کے لیے متعین کیا جائے ان کے لیے معقول معاوضہ کا بندوبست کیا جائے اور ان کو مکمل تحفظ کی ضمانت دی جائے اور طلبا سے کہا جائے کہ جو طالب علم نقل کرتے ہوئے پکڑا جائے گا اس کو پانچ سال قید بامشقت کی سزا دی جائے گی اور حکومت اس پر عملدرآمد بھی کرے تو انشاء اللہ طلبا نقل کی لعنت سے بچ جائیں گے اور قابل اعتراض سرگرمیوں کی بجائے اپنا وقت کتابیں پڑھنے پر صرف کریں گے۔

یہ اقدام نہ صرف حکومت کی طرف سے ہو بلکہ اس میں اساتذہ، سیاسی جماعتیں اور عوام یکساں حصہ لیں تو ممکن ہے کہ گرتے ہوئے معیار تعلیم کو کچھ سنبھالا مل جائے۔ اگر ان اقدام کو عملی شکل نہ دی گئی اور باتیں صرف کتابوں اور اخبارات تک محدود رہیں تو مزید پستی کا امکان ہے۔

سیاست کے گرداب میں پھنس گیا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ ہمارے ملک میں ترقی کی رفتار تنزل کا شکار ہے۔ پاکستان سے بعد میں آزادی حاصل کرنے والے ملک مثلاً کوریا، چین وغیرہ آج ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑے ہیں وجہ صرف یہ ہے کہ وہاں کے لوگوں نے سیکھنے اور سکھانے کے مثبت پہلو کو اپنایا ہے۔ ان ممالک میں سیاسی پارٹیاں سکولوں اور کالجوں میں اپنی شاخیں نہیں کھولتیں۔

سیاست کے ساتھ ساتھ معیار تعلیم گرنے کا دوسرا بڑا سبب ہمارا ناقص نظام امتحانات ہے ایک زمانہ تھا کہ کمرہ امتحان مقابلہ کا صحیح مقام سمجھا جاتا تھا۔ جہاں نقل کرنا اخلاق سے گری ہوئی بات سمجھی جاتی تھی نقل جیسی چیز سے طلبا نابلد تھے۔ لیکن آج کل امتحانات صرف رسمی کارروائی بن گئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نہ معیار تعلیم وہ رہا جو آج سے ۲۵ سال پہلے تھا اور نہ تعلیمی ادارے وہ رہے جو پہلے تھے۔

امتحانات کا معیار بالکل گر چکا ہے۔ ہمارے نظام تعلیم میں بے شمار خرابیاں پیدا ہو چکی ہیں مثلاً امتحان دیتے وقت مختلف حربوں کا استعمال ایک معمول بن گیا ہے اس میں امیر لوگوں کے علاوہ ہمارے تعلیمی سربراہان بھی ملوث ہیں سفارش اور اقربا پروری نے طلبا کی مکمل حوصلہ افزائی کی ہے جونہی امتحان ختم ہو جاتا ہے۔ ہر طالب علم کو یہ علم ہوتا ہے کہ میرا پرچہ کس استاد کے پاس گیا ہے طالبعلم کو اس استاد کا پورا پتہ گھر کا فون نمبر یہاں تک اس کے حلقہ احباب کے پتے بھی نوٹ کرائے جاتے ہیں نظام امتحانات کی دھاندلیوں اور خرابیوں نے ایک صحیح اور ذہین طالب علم کو ڈیپریشن کا شکار کر دیا ہے۔ کیونکہ جو لوگ غلط ذرائع سے اچھے نمبر حاصل کرتے ہیں انہیں اچھی نوکریاں مل جاتی ہیں حقدار لوگ اپنے حق سے محروم ہو جاتے ہیں۔ اگر صحیح اور غیر جانبدارانہ امتحان ہوں تو گورنمنٹ ملازموں میں سے ۵۰ فیصد بلکہ اس سے بھی زیاد معیار تک نہیں پہنچ سکیں گے۔

پاکستان میں اس وقت تک وہی نظام امتحانات رائج ہے جو کہ ۱۹۴۷ء سے رائج تھا حالانکہ کئی دفعہ اخبارات میں یہ بات چھپی ہے کہ تعلیمی کمیشن نے امتحانات میں ترامیم کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے لیکن یہ باتیں اخبارات تک ہی محدود رہیں ان پر عملی اقدام نہیں اٹھایا گیا نظام امتحانات میں تبدیلی ایک بڑی ضرورت ہے اور اس کی طرف چشم پوشی کا مظاہرہ ایک غیر ذمہ دارانہ عمل ہے یہی وجہ

عبدالواحد
لیکچرار

معیار تعلیم گرنے کے اسباب

کسی بھی ملک کی ترقی کا انحصار اس کی تعلیم پر ہوتا ہے۔ جس ملک کا معیار تعلیم اچھا ہوگا وہ ملک ترقی کرے گا، ناقص معیار تعلیم کی صورت میں وہ ملک کبھی بھی ترقی کی دہلیز تک نہیں پہنچ سکے گا۔ اور خوشحالی کبھی اس کا قدم نہیں چومے گی، پاکستان کو قائم ہوئے چھیالیس سال مکمل ہو چکے ہیں لیکن اس لمبی مدت میں ہماری شرح خواندگی ۳۴ فیصد سے آگے نہیں بڑھی جو کہ بہت ہی کم ہے۔

ترقی یافتہ ممالک میں یہ شرح ۹۹ فیصد سے بھی زیادہ ہے۔

ہمارے ملک میں تعلیم کا معیار ناگفتہ بہہ ہے۔ ہماری تعلیمی قابلیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایک ایم اے کا طالب اپنا ما فی الضمیر آسان الفاظ میں تحریری طور پر پیش نہیں کر سکتا ہے۔ ایم اے کی ڈگری کو ماسٹر آف ایجوکیشن اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ تعلیم کی آخری اسٹیج ہے لیکن اس اسٹیج پر پہنچ کر اگر ایک طالب علم کی یہ حالت ہو تو میٹرک اور مڈل کی تعلیم کیا ہوگی؟

آخر یہ کیوں ہے؟ اس کی وجوہ جاننے سے پہلے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اپنے قارئین کرام کو تعلیم کی مختصر تشریح سے آشنا کروں۔ اگرچہ تعلیم ایک عام لفظ ہے جس کے معنیٰ سکھانے کا عمل ہے لیکن یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ سکھانے کے دو پہلو ہوتے ہیں ایک مثبت اور دوسرا منفی پہلو۔ اصل میں تعلیم سکھانے کے مثبت پہلو کا نام ہے۔ سکھانے کے عمل میں اگر ہماری سوچ صحیح سمت کی طرف گامزن ہو تو پھر ہماری تعلیم کا اصل مقصد پورا ہوگا ورنہ اس کا نتیجہ وہی ہوگا جو اس وقت ہمارے سامنے ہے

میں معیار تعلیم گرنے کا سب سے بڑا سبب نابالغ سیاست کو گردانتا ہوں ہمارے ملک میں تعلیم کو ایک طرف رکھ دیا گیا۔ پرائمری سکولوں سے لے کر یونیورسٹی کی سطح تک ہر کس و ناکس یکساں

پہاڑوں کی چوٹیاں تو کیا سمندر کی اتھاہ گہرائیوں میں تجربے اور تجزیوں میں مصروف ہے۔

آج تعلیم ہی کی بدولت کوئی بھی ایسا شعبہ نہیں جو عورت کی دسترس سے بالاتر ہو ہر جگہ عورت مرد کے شانہ بشانہ ہے اور یہی وجہ ہے کہ معاشرے میں ایک اور تبدیلی آ رہی ہے اور انسان رو بہ ترقی ہے۔ غرض یہ کہ تعلیم نسواں گھر، معاشرہ، ملک اور نسل آدم کی بھلائی میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

اگر ہم اس وقت بھی حسد و سیاست سے قطع نظر چند لمحوں کے لیے حقیقی معنوں میں سوچیں تو محترمہ بے نظیر بھٹو بھی ایک عورت ہی ہے لیکن اپنے علم و فہم کی بدولت آج وہ اس مقام پر ہے کہ تمام دنیا کے میڈیا کی نظریں اس پر ہیں۔

لہٰذا عورت کی تعلیم از حد ضروری ہے تاکہ وہ ایک بہترین قوم کو جنم دے سکے۔

اقوالِ زرّیں

- رشوت انصاف کو کھا جاتی ہے
- توبہ گناہ کو کھا جاتی ہے
- غیبت عمل کو کھا جاتی ہے
- نیکی بدی کو کھا جاتی ہے
- جھوٹ رزق کو کھا جاتا ہے
- تکبر علم کو کھا جاتا ہے
- عدل ظلم کو کھا جاتا ہے
- فکر عمر کو کھا جاتی ہے
- تواضع سے درجہ بلند ہوتا ہے۔
- سب سے بڑی بہادری بدلہ نہ لینا ہے۔
- سب سے اچھی خیرات معاف کر دینا ہے
- سب سے اچھا نشہ خلق کی خدمت ہے
- خیرات سے مال کم نہیں ہوتا۔
- تدبیر سے بڑھ کر کوئی دانائی نہیں۔
- علم سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔

رخسانہ گل، بی۔ ایس۔ سی فائنل

انسانی اور فطری حق بھی بنتا ہے۔ عورت خاندان کی روح رواں ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خاندان کی فلاح اور تربیت کے حوالے سے ماں کی گود کو بچے کی پہلی درسگاہ سے منسوب کیا گیا ہے ظاہر ہے کہ جب بچے کی پہلی درسگاہ ماں کی گود ہے تو پھر ایک باعلم ماں ہی اس قابل ہوتی ہے جو اپنی اولاد کی درست تربیت کا اہتمام کر سکتی ہے۔ اگر ماں لکھی پڑھی اور سلیقہ شعار نہیں ہوگی تو وہ اپنے بچے کی اخلاقی، ذہنی اور روحانی تربیت کا فریضہ کما حقہ پورا نہ کر پائے گی بلکہ اس کی شخصیت کے بعض پہلو نامکمل رہ جائیں گے جس سے وہ معاشرے کا ایک کامیاب فرد بننے سے محروم ہو جائے گا۔

ہماری سوسائٹی میں عورت کو تعلیم حاصل کرنے کے مکمل مواقع ابھی تک حاصل نہیں ہیں اور معاشرے میں عورت کو تعلیم سے بے بہرہ کرنے کے نفسیاتی محرکات میں سب سے اہم نکتہ یہ ہے کہ عورت علم حاصل کر کے فیشن پرست اور نافرمان بن جاتی ہے۔ لیکن اگر اس فیشن پرستی کو ہم غور سے دیکھیے تو یہ اُس کی شائستگی ہوگی۔ جیسے عورتوں کی تعلیم کے مخالف عناصر اُسے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ اگر نافرمانی کا تصور ہے تو وہ اس میں مقابلے کا رجحان ہے کہ وہ ہر بات پہ دلائل دلانا چاہتی ہے۔ اگر ہم ماضی کے اوراق پلٹیں تو ہمیں ایسی کئی مثالیں ملیں گی جن میں عورتوں نے ایسے کار ہائے نمایاں انجام دیئے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے ہیلن کیلر نہ صرف ایک عورت تھی بلکہ اندھی گونگی اور بہری بھی تھی لیکن اس نے وہ کام کر دکھایا کہ دنیا بھر میں اس کا نام ہے۔

رضیہ سلطانہ اور چاند بی بی بھی تو عورتیں تھیں جو اپنے علم و دانش کی وجہ سے برصغیر جیسے عظیم خطے پر حکمرانی کرتی رہیں اور ان کی بہادری حوصلہ اور دانش کی بازگشت رہتی دنیا تک سنائی دے گی۔

شعبہ طب ہو انجینئرنگ، سائنس، خلابازی، درس و تدریس یا کوئی اور شعبہ سب میں عورتوں نے اپنا لوہا منوایا ہے۔ اور مردوں کے شانہ بشانہ ہر کام کو شاندار طریقے سے کیا ہے اور یوں ثابت کیا ہے کہ وہ مردوں سے کم نہیں۔

اگر صحیح طریقے اور راست بازی سے دیکھا جائے تو مسز تھیچر اور مسز اندرا گاندھی کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جو کہ عہد حاضر اور جدید دور میں تعلیم کی وجہ سے مردوں پر سبقت لے گئیں اور دو عظیم اور ترقی یافتہ ملکوں پہ حکومت کرتی رہیں۔

علم یا تعلیم ہی کا کرشمہ ہے کہ عورت آج خلا میں سفر کر رہی ہے۔ عورت علم و ہمت کی وجہ سے

فرزانہ ہاشمی
بی ایس سی، سال اول

تعلیم نسواں

نبی آخر الزمان کا ارشاد ہے کہ علم حاصل کرو چاہے تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے۔ حضور اکرمؐ کی اس حدیث کا اگر بنظر غائر مطالعہ کیا جائے تو دو باتیں سامنے آتی ہیں۔ اول علم لامحدود شے ہے جسمیں دینی علم کے علاوہ دنیاوی علوم بھی آتے ہیں۔ انسان کو اپنی بساط کے مطابق کائنات کے مختلف اجزا و عناصر اور علوم کے بارے میں آگہی حاصل کرنا چاہیئے۔ دوم انہوں نے علم کے حصول کے لیے مرد اور عورت کی تخصیص نہیں۔ ارشاد نبویؐ میں علم کے حصول پر زور دیا گیا ہے۔ یعنی انسان کے لیے علم کے حصول کو ضروری قرار دیا گیا ہے اِس لیے اِس سے اُس سوچ کی نفی ہوتی ہے۔ جو عورت کو حصول علم سے منع کرتا ہے بالخصوص قبائلی اور جاگیرداری سماج میں عورت کا علم حاصل کرنا معیوب گردانا جاتا ہے۔ حالانکہ علم وہ شمع ہے جو کہ انسان کے دل و دماغ کو منور کرتی ہے۔ علم ایک ایسا ہتھیار ہے جو کہ ہر ظلم اور برائی کے خلاف استعمال ہوتا ہے۔ چونکہ معاشرے کی ناہمواریوں کے حوالے سے صرف مرد ہی ظلم داستبداد اور برائیوں کا شکار نہیں رہتے بلکہ معاشرے اور انسانی فطرت (بدی اور نیکی) کے حوالے سے دیکھا جائے۔ یہ تمامتر سماجی اوصاف کے اثرات عورتوں پر بھی یکساں پڑتے ہیں یعنی عورتیں بھی ظلم اور استبداد اور دیگر سماجی برائیوں کا شکار رہتی ہے۔ اس لیے اُن کے لیے بھی سماجی اوصاف کے بارے آگہی لازمی امر ہے جو کہ بغیر علم کے ممکن نہیں ہے۔ موضوع کے حوالے سے ہم تعلیم نسواں پر نظر ڈالتے ہیں تو میں سمجھتی ہوں کہ تعلیم نسواں ایک مہذب معاشرے کی تشکیل کے لیے بہت ہی لازمی ہے کیونکہ " وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ " کے مصداق اگر ہم اپنی کائنات کے مہذب اور متمدن شکل دینا چاہتے ہیں تو پھر عورت کے وجود کو تسلیم کرتے ہوئے عورت کو وہ مقام دلانے کی کاوش کریں گے۔ جو اُس کا

خدمت انسانیت بھی۔

ہم یا آج کا انسان ان سے نہیں ہو سکتے ـــــ پھر بھی ہم انسان ہیں تو پھر وہ کون تھے ؟ اِس لیے کہ وہ انسان سے اشرف المخلوقات بنے تھے ـــــ ہم بھی اگر انسان ہی ہیں تو اس درجے تک کیوں نہ پہنچ سکے ؟؟ کیا ہم حیوان یا جانور ہیں ؟؟؟

حیوان ؟ بہت پرانی بات ہے ہمارے ایک استادِ محترم نے کہا تھا" انسان ایک سماجی حیوان ہے" یہ بات اس وقت سے اب تک سیاسیات اور شہریت کے طلباً سنتے اور پڑھتے آرہے ہیں۔ طلباً بھی عجیب مخلوق ہے۔ پوچھتے بہت کم ہیں لیکن جب پوچھتے ہیں تو "کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا" والا معاملہ درپیش آتا ہے۔

"ہوالیوں کہ مسٹر ج جو ٹیبل پر سر رکھے سو رہے تھے کے پاس جاکر میں نے پوچھا" اے سو رہے ہو" نہیں سر میں سوچ رہا تھا۔" کیا سوچ رہے ہو" بزعم خود میں نے استادانہ شان سے پوچھا "تو کہنے لگا" یہی کہ اگر ایک سماجی حیوان ہے۔ کے درمیان سے "سماجی" نکال دیا جائے تو کیا حیوان مائنڈ نہیں کریں گے۔؟؟

"کیا مطلب ہے تمہارا"

" ایکسکیوزمی سر۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ہم انسانوں میں کچھ ایسی خصوصی اور اضافی "خوبیاں" ہیں جو غالباً حیوانوں میں نہیں ہیں۔ لے آؤں سر لائبریری سے کچھ اخبار یں ؟

قارئین کرام ! میری جگہ آپ ہوتے تو کیا کہتے ؟ چھوڑیئے جی بچے ہیں پوچھتے رہتے ہیں۔ اب آیئے موضوع کی طرف۔

" دنیا قابل تسخیر ہے۔ اس کو تسخیر کرنے کے لیے ہم ہر وہ کام کر رہے ہیں جو صرف ہماری اپنی نظر میں جائز ہو۔ یوں بھی کبھی ہم نے یہ نہ سوچا کہ کونسی چیز کس کی ہے۔ یا اس کے اصل وارث و مالک نے اس کو کس مصرف میں لانے کے لیے تخلیق کیا تھا، تو پھر اپنی ذات اور انا کی تسکین کے لیے اگر میں نے مکر، فریب، عیاری، چوری، ڈاکہ، رہزنی، دھوکہ، جبر اور ظلم میں شامل کرنا چاہا تو یہ میرا حق بنتا ہے۔ اس لئے کہ میں بھی اس سماج کا ایک حصہ ہوں۔"

اگر ہم اشرف المخلوقات ہیں تو پھر آیئے ایک ایک چوپائے کو ختم کیجیے۔ تاہم ہی انسان رہیں، اگر بُرا لگا تو پھر آیئے ایسا کریں گے کہ اپنی ان خوبیوں کو جنہیں حیوان بھی دیکھ کر منہ پھیر لیتے ہیں کے خاتمے کے لیے کچھ ہاتھ پاؤں مارے اور خود کو اشرف المخلوقات ثابت کریں۔ (ہمت مرداں مدد خدا)

"نوجوان عورت کو عصمت دری کے بعد گلا گھونٹ کر قتل کر دیا گیا نعش گیراج میں بند ملی۔"

"غربت اور بے روزگاری سے تنگ آکر نوجوان نے خودکشی کر لی"

"مسلح ڈاکو . . . . دکاندار ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ہلاک"

"مسجد میں نمازیوں کا قتل ——— قاتل فرار ہونے میں کامیاب"

"دیرینہ رنجش کی بنا پر دو گروہوں میں تصادم سے دس افراد ہلاک"

"کاروبار کے بہانے لوگوں سے لاکھوں روپے ہتھیا کر ملزم ملک سے فرار ہو گیا"

"مسلح رہزنوں نے مسافروں سے ہزاروں روپے اور قیمتی اشیائے چھین لئے"

یہ وہ واقعات ہیں جو آپ کو ایسے ہزاروں لاکھوں واقعات یاد دلائیں گے۔ پھر بھی ہم اشرف المخلوقات ہیں۔

سینکڑوں ہزاروں واقعات تک جو روز آتے ہیں ہماری رسائی نہیں ——— بعض اس لئے منظر عام پر نہیں آتے کہ پالیسی اجازت نہیں دیتی۔

بات ہو رہی تھی مشابہت کی۔ "آج اور کل" کی مشابہت کی۔ یا یوں کہئے کہ انسان اور اشرف المخلوقات کے رشتے کی۔ تو سب سے پہلے یہ سوچتے ہیں کہ وہ انسان کیسا تھا جس کو اشرف المخلوقات کا خطاب دیا گیا تھا؟

وہ انسان کہ جس کو دونوں جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا ——— یہ عنایت یوں ہی تو نہیں ہوئی تھی ——— ۶۳ سال کی ایک مکمل زندگی کو مدنظر رکھا گیا تھا جس میں کہیں بھی کوئی بھول، چوک، غلطی، کمی نہیں تھی۔ اس پورے عرصے میں کسی سے کوئی دغا، فریب، دھوکہ، ریاکاری وعدہ خلافی، حرص، ہوس، طمع، لالچ، ظلم یا جبر نہیں تھا۔

خدا نے ایسے انسان کو پیغمبر بنا کر اس ایک جہان کو سدھارنے کی ذمہ داری دی۔ پیغمبران خدا نے مخلوق خدا کو محبت، انسانیت، شرافت اور باہمی احترام کا درس دیا۔ ان کے ماننے والوں نے سچائی کا راستہ پایا اور عظمت حاصل کی۔ اس زمانے میں انسانیت سوز واقعات نہیں ہوتے تھے۔ حرص و ہوس کا دور نہ تھا۔ پیغمبروں کے صحیح پیروکاروں نے کبھی ایسے کام نہیں کئے جن سے انسانیت، شرافت، خلوص و محبت داغدار ہوتی۔ انہوں نے عبادت ذرا بھی کی اور

افضل گرمگانی
اسسٹنٹ پروفیسر

اشرف المخلوقات

خالق کائنات نے بشر کی تخلیق کی "اشرف المخلوقات" کا درجہ دیا صرف یہی نہیں بلکہ اس کی برتری کو تسلیم کرانے کے لیے فرشتوں کو اس کے سامنے سجدے کا حکم دیا۔ اس حکم کی تعمیل کیسے ہوئی اور اس کے اثرات کیا ہوئے۔ یہ ہمارا موضوع بحث نہیں۔ لیکن یہاں پر یہ ضروری ہے کہ ہم ان اثرات میں ایک کا ذکر کریں۔ جو کچھ یوں ہے۔ کہ انسان کے دل میں، ذہن میں یہ بات کافی حد تک بیٹھ گئی ہے کہ ہیں اشرف و افضل ہوں۔ اسی سوچ میں ہم نے آنکھ کھولی۔ اسی غرور میں پل کر جوان ہوئے۔

اس منزل تک آنے کے لئے انسان نے کیا کھویا اور کیا پایا ــــــ یہ صاحب نظر سے پوشیدہ نہیں ــــــ لیکن اب سوال یہ ہے کہ کیا انسان کو ابھی اس سے اور بھی آگے جانا ہے؟ آخر اس کا قیام کہاں ہوگا ــــــ وہ کہاں تک جانا چاہے گا اور کچھ مزید کھو کر کیا پائے گا۔

کائنات کی تخلیق کرتے وقت مالک کائنات کا مقصد کیا تھا یا تخلیق انسان کس مقصد کے تحت ہوئی یہ ہم زیر بحث نہیں لائیں گے۔ بلکہ ہم اس وقت صرف اتنا دیکھنا چاہتے ہیں کہ آج کا انسان اُس انسان سے کتنی مشابہت رکھتا ہے جس کو اشرف المخلوقات کا درجہ دیا گیا تھا۔ کیا آج کا انسان اشرف المخلوقات ہے؟ اس کے لیے چند اخباری سرخیاں ہیں جن ہر ایک سرسری سی نظر ہمیں اس کی حقیقت بتا دیتی ہے۔ واہ رے اشرف المخلوقات۔

"راولپنڈی اور گوجر خان میں ایک ہی خاندان کے گیارہ افراد کا قتل"

"جائیداد کے تنازعے میں بیٹے نے باپ کی جان لے لی"

"چھ سالہ بچی معلم کی ہوس کی بھینٹ چڑھ گئی"

کرنے کا نام بن کر رہ گیا ہے. اگر آج مسلمانوں کی زندگیوں میں دین پوری طرح دوبارہ زندہ ہو جائے اور اسلامی مقصد تعلیم پر عمل ہونے لگے تو مسلمان پھر ویسے ہی کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں جیسا کہ ہمارے اسلاف نے کر کے دکھلائیں، نہ صرف یہ بلکہ دوسرے انسانوں کی اصلاح کا ذریعہ بن کر پوری دنیا کو امن سلامتی کا گہوارہ بنا سکتے ہیں. علامہ اقبالؒ نے کیا خوب فرمایا ہے،

سبق پھر پڑھ صداقت کا عدالت کا شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

ہماری دینی اور دنیاوی ترقی و کامیابی کا راز صرف اور صرف دین اسلام پر پوری طرح کاربند ہونے میں ہے اور اسلام کے اُسی طرز تعلیم میں ہے جسے سیکھ اور پڑھ کر ہمارے اسلاف نے دونوں جہانوں میں کامیابیاں حاصل کیں۔

زندگی کیا ہے

- زندگی ایک وعدہ ہے ____ اسے پورا کرو.
- زندگی ایک مسئلہ ہے ____ اسے حل کرو.
- زندگی ایک مہم ہے ____ اسے سر کرو.
- زندگی ایک جدوجہد ہے ____ اسے اپناؤ.
- زندگی ایک حُسن ہے ____ اسکی پرستش کرو.
- زندگی ایک امانت ہے ____ اس کی حفاظت کرو.
- زندگی ایک چیلنج ہے ____ اس کا مقابلہ کرو.
- زندگی ایک آئینہ ہے ____ اسمیں اپنا عکس دیکھو.
- زندگی ایک خواب ہے ____ اسے حقیقت بناؤ
- زندگی ایک سفر ہے ____ اسے مکمل کرو

محمد جان سیکنڈ ایئر

خدمت خلق کے لیے وقف کر دے گا اور اپنے علم کے ذریعے ایسی اشیائ ایجاد کرے گا جو انسانیت کے لیے مفید ہوں گی کیونکہ اُسے اللہ تعالیٰ کا ڈر ہوگا کہ یہ دماغ اور صلاحتیں سب اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ہیں اس لیے ان سے درست طور پر کام نہ لیا گیا تو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب بنے گا اس لئے وہ اپنی صلاحیتوں کو بہتر طور پر صرف کرے گا۔

اس کے برعکس ایک غیر مسلم اخلاق سے عاری ہو تو وہی سائنس کا علم انسانیت کی فلاح بہبود کی بجائے تباہی، وطن پرستی اور نسل پرستی کی بھینٹ چڑھ جائے گا یہی وہ چیز ہے جس کو رد کنے کے لیے اسلامی معاشرے میں دینی تعلیم ہر علم کی بنیاد بنے گی۔ اس کے علاوہ اسلام کا مقصد تعلیم انسان کے مزاج کی درستگی اور اخلاق کو سنوارنا ہے صرف ذہین اور ہوشیار بنانا مقصود نہیں کیونکہ صرف ذہین اور ہوشیار بنانے میں فوائد کم اور نقصانات زیادہ ہونے کا احتمال ہے اس وجہ سے اسلام کی تعلیمی نوعیت ایسی ہے کہ اس میں ذہانت اور ہوشیاری کے ساتھ ساتھ اخلاق اور عادات بھی سدھر جائیں دین کی سمجھ ہی وہ اصل چیز ہے جس کے بغیر دنیا بھر کے علم بھی حاصل کر لئے جائیں تو نفع کی بجائے تباہی کا سبب بنیں گے۔ اسلام انسان کی اخلاقی تعمیر و تربیت کر کے اسے ایسا موزوں اور باصلاحیت انسان بنا دیتا ہے کہ وہ اگر جہان بھر کے علوم حاصل کر لے تو اس کے ذریعے انسانیت کی فلاح و بہبود اور ترقی کے سامان اسباب ہی سوچے گا اور بنائے گا انسان کی تباہی اور بربادی اس کا مقصد قطعی نہ ہوگی علم دین کے ساتھ ہر دوسرا علم اپنی پوری افادیت کے ساتھ عملی شکل اختیار کرتا ہے اور ہر ایجاد اور نظریہ انسان کی فلاح و بہبود کے لیے ہی وجود میں آتا ہے بصورت دیگر انسانیت کی تباہی کے سامان پیدا ہوتے ہیں جیسے آج کل ملک میں اسلحہ بے حساب بن رہا ہے۔ آجکل اس کا مشاہدہ ذرا سا غور کرنے پر کوئی کر سکتا ہے۔ آج ہماری زندگیوں میں دین اور اخلاق کی کمی کی وجہ سے یا نہ ہونے کی وجہ سے سائنس جیسی مفید چیز سے انسانیت کی تباہی بربادی کے لیے مہلک ہتھیار وجود میں آرہے ہیں اور ہر طاقت ان ہتھیاروں کی مدد سے دوسرے انسانوں کو زیر کرنے اور اپنا تسلط جمانے کی فکر میں لگی ہوئی ہے۔ اگر آج لوگوں کو دین و اخلاق کی تربیت دے کر اور اسلامی تعلیمی مقاصد کو سامنے رکھتے ہوئے لوگوں کی اصلاح کی جائے تو ان سائنسی علوم سے کتنا فائدہ ہوگا۔ آج سائنس جیسا مفید علم و فن دین نہ ہونے کی وجہ سے صرف مہلک ہتھیار پیدا

جاتے فتح ان کے قدم چومتی تھی۔

مسلمانوں نے دینی علوم کے ساتھ ساتھ دنیاوی علوم میں بھی بڑا کمال پیدا کیا ابن حیان بوعلی سینا وغیرہ ایسے عالم دانشور گزرے ہیں جو دینی اور دنیاوی علوم کے ماہر تھے اسپین میں بھی مسلم حکمرانوں نے علم کو بہت پھیلایا اور دینی اور سائنسی علوم میں بڑی ترقی ہوئی اس علمی ترقی کا ورثہ یورپ کو ملا جس کی برکت سے یورپ نے بڑی ترقی کی مسلمان علمائ حکمائ اور فلاسفروں نے بے انتہا کتب تصنیف کیں اور بڑی بڑی لائبریریاں قائم کیں. ہلاکو خان نے جہاں سقوط بغداد کے موقع پر مسلمانوں کو زبردست جانی، مالی ثقافتی نقصان پہنچایا وہاں اس نے مسلمانوں کی تصنیف کردہ بیش بہا کتابوں کو بھی برباد کیا اور دریا برد کیا اور اس کے سپاہی بہت سی کتابوں کو لوٹ کر لے گئے آج یہی کتابیں یورپ کی لائبریوں کی زینت ہیں اسی پر علامہ اقبالؒ نے بڑے درد سے یہ شعر کہا ہے۔

مگر وہ علم کے موتی کتابیں اپنے آبا کی
جو دیکھیں انکو یورپ میں تو دل ہوتا ہے سیپارا

تعلیمی مقاصد اگرچہ ہر جگہ کی تہذیب و تمدن کے مطابق مختلف ہوتے ہیں مگر بنیادی لحاظ سے ان میں ہر فرد کی شخصیت کی مجموعی تعمیر شامل ہوتی ہے. اسلامی معاشرے میں جو تعلیم دی جائے گی اسکا مقصد اسلامی شعور پیدا کرنا ہوگا آج مسلمان دنیا میں ہر لحاظ سے چاہے وہ دینی ہو یا دنیاوی علوم بہت پیچھے ہیں کیونکہ ان میں اسلامی شعور کی کمی ہے۔

اسلامی شعور سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کو محض پڑھنا لکھنا ہی نہیں سکھایا جائے بلکہ ان میں اجتماعی اسلامی شعور کو اُجاگر کیا جائے یعنی زندگی کا مقصد اور صحیح طرز عمل ظاہر کر کے دین کی سمجھ بوجھ اتنی پیدا کی جائے کہ وہ ہر علمی میدان میں ہوشیار اور محتاط ہو کر غیر اسلامی نظریہ زندگی سے بچنے لگیں اس سے یہ مطلب اخذ نہیں کیا جا سکتا کہ مسلمان دینی علوم کے علاوہ دوسرے دنیاوی سائنسی اور غیر سائنسی علوم حاصل نہیں کر سکتے بلکہ اسلام کے نظام تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان دینی علوم میں واقفیت تو فرض سمجھ کر حاصل کریں تاکہ عملی زندگی کے ہر موڑ پر وہ عمدہ اخلاق کا نمونہ بن سکیں اور اس کے بعد ذہنی رجحان اور پسند کے مطابق ہر وہ علم سیکھیں جن میں انسانیت کی فلاح بہبود ہو اور انسانیت کی عزت اور خدمت کی جا سکے. اگر ایک مسلمان سائنس کی کسی ایک شاخ میں کمال حاصل کرے گا تو وہ اپنا تمام علم اور تجربہ

۲. اس مسلمان کی کوئی قدر منزلت نہیں جو نہ استاد ہے نہ شاگرد یا طالب علم۔
۳. بلا تاخیر ایک جاہل کو علم کی تلاش میں لگ جانا چاہیئے اور ایک عالم معتبر کو اپنے علم میں اضافہ کرنا چاہیئے۔
۴. تلاش علم ایسا مقدس کام ہے جیسے عبادت اور اس کے حصول میں دقت اٹھائی جائے وہ جہاد ہے
۵. علم کو اپنا گم شدہ خزانہ سمجھو جہاں سے ملے اسے حاصل کرلو۔
۶. ہر مسلمان بالغ مرد عورت پر علم حاصل کرنا فرض ہے۔
۷. (مفہوم حدیث) ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں تشریف لائے تو دیکھا کہ مسجد میں دو حلقے لگے ہوئے ہیں ایک حلقے والے ذکر اور عبادت میں مصروف ہیں جب کہ دوسرے حلقے والے علم دین سیکھ اور سکھا رہے ہیں آپؐ نے فرمایا کہ دونوں حلقے خیر پر ہیں پھر آپؐ علم والے حلقے میں جاکر تشریف فرما ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ "میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں"

حضرت علیؓ نے فرمایا کہ علم دولت سے بڑھ کر ہے۔ دولت تو خرچ کرنے سے گھٹتی ہے لیکن علم خرچ کرنے سے بڑھ جاتا ہے دولت کی حفاظت تمہیں کرنی پڑتی ہے جب کہ علم تمہاری حفاظت کرتا ہے

صحابہؓ اور تابعینؒ کے علم حاصل کرنے اور اُسے پھیلانے کے شوق ہی نے اسماء الرجال، اصول فقہ اصول تفسیر اور اصول حدیث جیسے بے نظیر فن ایجاد کئے۔

جب یورپ علمی طور پر تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا تو مسلمانوں نے معدوم شدہ علوم کو مزید تحقیق اور بہتر بنا کر پھر زندہ کیا افلاطون، ارسطو جیسے حکما کے علوم کو زندہ کیا اور اس پر مزید غور فکر کر کے بہتر سے بہتر بنایا یہ سب کچھ مسلمانوں نے تقلیدی طور پر نہیں کیا بلکہ اجتہادی طور پر کیا تھا خلافت راشدہ اور اموی اور خلافت عباسیہ کے دور میں مسلمانوں نے علم میں بہت نام پیدا کیا۔ اس کے علاوہ برصغیر میں مغلوں کے دور میں بہت علم پھیلا ان لوگوں نے پورے ملک میں مدرسوں کا جال بچھا دیا جہاں ہر طرح دینی اور دنیاوی تعلیم دی جاتی تھی۔

اندلس میں دور عباسی میں مسلمانوں نے خوب علم کی شمع کو روشن کیا یہاں کے مسلم حکمران خود بھی بڑے عالم تھے اور علم پھیلانے کا بڑا شوق رکھتے تھے اندلس میں اس زمانے کے قائم کردہ مدارس اور مساجد آج تک موجود ہیں جیسے قرطبہ کی مسجد وغیرہ اسی علم کی بدولت مسلمان دنیا پر چھا گئے اور وہ جہاں

ہے کتاب و حکمت کا اور یہ کہ یہ لوگ آپؐ کی بعثت سے پہلے کھلی گمراہی میں پڑے تھے:"

حضور اکرمؐ پر جو سب سے پہلے وحی نازل ہوئی وہ بھی "اِقرأ" کے لفظ یعنی پڑھو سے شروع ہوئی ارشاد ربانی ہے۔ اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ ۝ الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ترجمہ:۔ پڑھیے اپنے رب کے نام سے جس نے سب کو پیدا کیا۔ انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا اور آپ کا رب بڑی عزت والا ہے جس نے قلم سے (لکھنے) کی تعلیم دی۔ انسان کو وہ علم سکھایا جو وہ نہ جانتا تھا:"

اللہ تعالیٰ صاحب علم کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں" کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہو سکتے ہیں:" علم کی اہمیت کے پیش نظر اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کو یہ دعا سکھائی قُلْ رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا ترجمہ:۔ کہیے اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما۔

حضور اکرمؐ کے نزدیک علم کی اتنی اہمیت تھی کہ آپ جب بھی کسی شخص کو کوئی ذمہ داری یا عہدہ سونپتے تو اس کے علم کا لحاظ کرتے ہوئے ورنہ زمانہ جاہلیت میں تو صرف اُن لوگوں کی قدر و منزلت ہوتی تھی جو یا تو عمر میں بڑے ہوتے یا نسب و خاندان میں یا مال و دولت کے لحاظ سے بڑے ہوتے تھے اس لیے تعلیم ان کے نزدیک کوئی معیار نہ تھی لیکن اسلام کے آجانے کے بعد علمی اعتبار سے ہی لوگوں کا معیار مقرر ہوتا تھا اس لیے صحابہ کرامؓ زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرتے تھے اور با مقصد علم حاصل کیا کرتے تھے جس سے اللہ اور اُس کا رسول راضی ہو۔ ہجرت مدینہ کے بعد تو یہ سلسلہ اور پھیل گیا حتیٰ کہ جب غزوہ بدر میں کفار مکہ قید ہوئے ان کی رہائی کے بارے میں جو مشورہ طے ہوا وہ یہ کہ جو کافر پڑھا لکھا ہو اپنی رہائی کے بدلے میں کچھ مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دے اور جن کے پاس علم نہ ہو وہ مال دے کر رہائی حاصل کریں تعلیم کی اتنی اہمیت تھی کہ اگر کسی مرد کو مہر میں ادا کرنے کے لیے مال نہ ہو تو اس کا اپنی بیوی کو لکھنا پڑھا دینا ہی مہر تصور کر لیا جاتا تھا۔

علم کی اہمیت کا اندازہ حضور اکرمؐ کی احادیث سے بھی لگایا جا سکتا ہے۔

۱۔ قیامت کے دن علماء کے قلم کی روشنائی اور شہید کا خون ایک ہی درجے میں ہوں گے۔

ساجدہ غنی
بی ایس سی فائنل

اسلام میں تعلیم کی اہمیت

اسلام میں علم کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے انسان حضرت آدم علیہ السلام کو فرشتوں اور جنات پر علم ہی کی وجہ سے برتری عطا فرمائی ارشاد ربانی ہے۔ وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (ترجمہ) اور آدم علیہ السلام کو سب چیزوں کے نام سکھائے۔ اور اس علم ہی کی وجہ سے حضرت آدم علیہ السلام مسجود ملائکہ بنے ارشاد ہوتا ہے۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ (ترجمہ) اور جب کہا ہم نے فرشتوں سے کہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو (تعظیمی) پس فرشتوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا۔ اسی علم کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر اپنا خلیفہ بنایا یعنی نائب بنایا اور اسی مجموعی لحاظ سے اس قدر علمی صفات اور علمی تصرفات سے نوازا ہے کہ ساری کائنات اس کے لیے مطیع و مسخر ہوگئی ہے پھر یہ بات بھی قابل غور ہے کہ انسان شروع سے اپنے ساتھ کوئی علمی خزانہ لے کر نہیں آتا بلکہ اللہ رب العزت نے انسان کی فطرت میں استطاعت رکھ دی ہے کہ اگر وہ علم سے سرشار ہونا چاہے تو ہو سکتا ہے۔

علم کو پھیلانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے انبیاءؑ کا سلسلہ جاری فرمایا جو سب اسلام ہی کی دعوت دیتے تھے اور اپنی اپنی قوموں کو علم سکھاتے تھے۔ آخری نبی جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت غرض و غایت بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ هُوَالَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ ترجمہ: اللہ تعالیٰ وہی ہے جس نے ان پڑھ لوگوں میں ان ہی میں سے ایک رسول بھیجا جو ان کو اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے۔ اور ان کو پاک کرتا ہے اور ان کو علم سکھاتا

اہل کتاب سے سلوک، مسلمانوں کو زندگی کے مختلف معاملات واحوال میں صحیح طرز عمل کی تفصیل ہدایت دی گئیں غرضکہ ایک طرف عالمگیر دعوت واصلاح کی اور دوسری طرف جماعت مسلمین کے سردار کی اور تیسری طرف امور حکومت کے مختلف صورتوں کا تعین کیا گیا۔

اسلام کے تمام فرائض کے متعلق قرآن مجید میں بحث کی گئی مثلاً حج، زکوٰۃ، روزہ اور نماز ان میں سے حج، زکوٰۃ اور روزہ زمین پر فرض ہوئے جب کہ نماز عرش الٰہی کے پاس خاص رب العالمین کی حضوری میں آمنے سامنے فرض ہوئی۔اس لئے نماز کا جس قدر اہتمام کیا گیا اس قدر کسی اور عبادت کا نہیں کیا گیا قرآن اور حدیث میں جس قدر نماز کی تاکید فرمائی گئی کسی عبادت کے متعلق نہیں فرمائی گئی۔

چار بزرگوں نے ایک رکعت میں تمام قرآن شریف ختم کیا حضرت عثمانؓ حضرت تمیم داریؓ حضرت سعید بن جبیرؓ، اور حضرت امام اعظمؒ ابو حنیفہ۔

نماز کے متعلق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔اگر کسی شخص کے دروازے کے آگے ایک نہر ہو اور وہ روزانہ اس میں پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدل پر میل کچیل باقی رہ جائے گا؟ پھر فرمایا کہ یہ ہی مثال پانچوں نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کی بدولت تمام گناہوں کی گندگی دور کر دیتا ہے۔

غرض اسی طرح دعوت واصلاح کے ادوار کی ضرورت کے مطابق قرآن کے حصے بتدریج نازل ہوتے رہے۔

دوسری چیزوں کا ذکر کرے وہ ہمیشہ ان چیزوں کا ذکر بقدر ضرورت کرنے کے بعد غیر متعلق تفصیلات کو چھوڑ کر اپنے مقصد اور مرکزی مضمون کی طرف رجوع کرتا ہے۔

قرآن عام نوعیت کی کتاب نہیں ہے کہ اللہ تعالےٰ نے لکھ کر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دے دی ہو بلکہ اوصاف اور بلاغت کے لحاظ سے اس نوعیت کی ہے کہ خداوند کریم نے اپنے ایک برگزیدہ بندے کو پیغمبری کی خدمت اور اپنے احکام پہنچانے کے لیے منتخب کیا اس کام کے آغاز کے سلسلے میں جو ہدایات ضروری تھیں۔ وہ وحی کے ذریعے پہنچائی گئیں۔ اور وہ زیادہ تر تین مضامین پر مشتمل تھیں ایک پیغمبر کو خود اس عظیم الشان کام کی تیاری کے لیے تعلیم دوسرے حقیقت نفس الامری کے متعلق ابتدائی معلومات اور حقیقت کے بارے میں غلط فہمیوں کی مجمل تردید۔ تیسرے "صحیح رویہ" کی طرف دعوت اور ہدایت الہٰی کے بنیادی اصول اخلاق کا بیان شروع شروع کے پیغامات بہت چھوٹے چھوٹے ہیں جن کی زبان نہایت شائستہ اور میٹھی پُراثر ہے تاکہ دلوں میں یہ خطاب نشتر کی طرح پیوست ہو جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پرجوش خطبوں کی طرح پیغامات شروع کئے۔ جن (یہ) دریا کی طرح روانی ' سیلاب جیسی قوت تند و تیز آگ جیسی تاثیر تھی)۔ ان خطبوں کو سنتے ہی اہل ایمان کانپ اٹھتے تھے۔ ان کے اندر جماعتی شعور بیدار ہو گیا اور وہ تقویٰ فضیلت، اخلاق اور پاکیزگی کی تعلیم سے سیراب ہوتے۔ دوسری طرف مخالفین اور راہ راست سے منہ موڑنے والے اور غفلت کی نیند سونے والے لوگوں کو ان پچھلی قوموں کے انجام سے ڈرایا گیا جن کی تاریخ سے وہ خود لاعلم تھے۔ ہجرت کے وقت حالات نے اور رخ اختیار کر لیا۔ اُمت مسلمہ ایک باقاعدہ ریاست کی بنا ڈالنے میں کامیاب ہو گئی پرانی جاہلیت کے علم برداروں سے جنگ کی نوبت آئی خود اُمت مسلمہ کے اندرونی نظام میں مختلف قسم کے منافق گھس آئے اور کئی سال کی شدید کش مکش سے گزر کر آخر کار یہ اُمت کامیابی کی منزل پر پہنچ گئی سارا عرب اس کے زیر نگین ہو گیا۔ عالم گیر دعوت و اصلاح کے دروازے کُھل گئے اس مرحلے پر اور ان ادوار کی مخصوص ضرورتوں کے مطابق اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسے پیغامات آئے جن کا انداز کبھی آتشیں خطابت کا کبھی شاہانہ فرامین و احکام کا کبھی معلمانہ درس و تعلیم کا اور کبھی مصلحانہ افہام و تفہیم کا ہوتا تھا۔ اس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ریاست و مدنیت، صالحہ کی تعمیر زندگی کے مختلف شعبوں کے اصول و ضوابط، کفار منافقین

انسان تو انسان۔ قرآن پاک شعور و احساس سے محروم مخلوق کو بھی اپنی ہیبت و عظمت سے نورانی کئے بغیر نہیں رہا۔

ارشاد باری ہے۔

" اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم اسکو دیکھتے کہ خُدا کے خوف سے دبا اور پھٹا جاتا ہے "

زبان و قلم میں اتنی طاقت نہیں کہ وہ قرآن پاک کے اِن محاسن کو بیان کرے جن سے وہ اپنے مخاطبوں کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتا ہے۔ قلب و نظر کی تسخیر کے وہ کون کون سے انداز ہیں جنہوں نے بیگانوں کو اپنا بنا دیا ہے۔ آیات قرآنی کی وہ کیا دلنوازی اور خوش آرائی ہے جس نے جہاں ایک طرف حضرت عمرؓ کو مشرف بہ اسلام کیا تو دوسری طرف حضرت بایزید بسطامیؒ پر وجد و بیہوشی کا عالم طاری کر دیا۔

ہے وہی تیرے زمانہ کا امام برحق — جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے
موت کے آئینہ میں تجھکو دکھائے رُخ دوست — زندگی اور بھی تیرے لئے دشوار کرے

اصل خصوصیات کی وضاحت کے بعد آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے کہ قرآن مجید کا موضوع "انسان" ہے۔ مختصراً یہ ہے کہ ظاہر بینی یا قیاس آرائی یا خواہش کی غلامی کے سبب انسان نے خدا اور نظام کائنات اور اپنی ہستی اور حیات دنیوی کے مال وانجام وغیرہ کے متعلق جو نظریات قائم کئے ہیں وہ سب حقیقت نفس الامری کے لحاظ سے غلط ہیں حقیقت وہ ہے۔ جو انسان کو خلیفہ بناتے وقت خدا نے بتا دی تھی۔ اور اس حقیقت کے لحاظ سے انسان کے لیے وہی دُرست اور خوش انجام ہے جس کی تعلیم اللہ کے برگزیدہ رُسول نے دی ہے اور جسے "صراط مستقیم" کہا جاتا ہے۔

اِن بنیادی امور کو ذہن میں رکھ کر کوئی شخص قرآن کا مطالعہ کرے تو اُسے یہ روز روشن کی طرح صاف نظر آئے گا۔ کہ یہ کتاب کہیں اپنے موضوع سے بال برابر بھی نہیں ہٹی ہے اول سے آخر تک اس کے مختلف النوع مضامین اس کے مرکزی مضمون سے مربوط ہیں خواہ وہ زمین و آسمان کی ساخت، انسان کی خلقت آثار کائنات کے مشاہدات پیش کرے خواہ گزری ہوئی قوموں کے واقعات مختلف قوموں کے عقائد و اخلاق اور اعمال پر تنقید مابعد الطبعی امور و سائل کی تشریح اور بہت سی

مالا مال ہے۔ یہ خود ہی گنج حکمت ہے اور خود ہی اس کی کلید نوع انسان کے لیے رحمت باری ہے اس کی ہدایت میں جہاں نظم کائنات کا راز مضمر ہے وہاں یہ آخری زندہ جاوید کتاب ہر زمان و مکاں میں علم و حکمت اور فضائل اخلاق کا منبع رہی ہے اور رہے گی۔ ذی علم اور اہل دانش اس الہامی سرچشمہ سے فیضیاب ہوتے ہیں یہ ایک مینار روشنی ہے جو بھولے بھٹکوں کو راہ دکھاتا ہے اور صداقت و عظمت کا پیامبر ہے۔ یہ بنی نوع انسان کے لیے نور بصیرت ہے۔ اولاد آدم کے لیے شروع سے آخر تک نصیحت ہے۔ علم و دانش اور عقل و حکمت کا لازوال خزانہ ہے مکمل اور جامع الہامی کتاب ہے جس کا اسلوب بیان دلکش اور انداز اظہار بے حد موثر ہے۔

امام بُوصیری نے اپنے قصیدہ بُردہ کی فصل ششم میں قرآن کے شرف و علو کو حسب ذیل الفاظ میں بیان کیا ہے۔

"آنحضرت ؐ کے معجزات میں قرآن مجید کو سب پر تفوق حاصل ہے اس کے ذریعہ آپ نے کفار پر تحدی کی اور اس کے جواب میں معارضین عاجز رہے قرآن حکیم اللہ کی عظیم نشانی ہے اس کے الفاظ حادثات معانی قدیم ہیں وہ کسی خاص زمانے سے وابستہ نہیں بلکہ ہر دور اور ہر عہد کے لیے پیغام ہے وہ ایسا معجزہ ہے جو دیگر انبیاءؑ کے تمام معجزوں پر سبقت لے گیا اس کی آیات محکم اور واضح ہیں ان میں کسی قسم کا اشتباہ نہیں ہے۔ قرآن کی بلاغت کے سامنے اُس کے معارضین کی زبانیں گنگ ہوگئیں اس کے عجائب محاسن حد و شمار سے زائد ہیں اس کی تلاوت سے سکون قلب اور نار دوزخ سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ اگر کوئی قرآن کے فضائل کا انکار کرتا ہے تو اُس کی مثال اس شخص کی ہے جس کی آنکھیں سورج کی روشنی سے انکاری ہوں۔"

قرآن حکیم کے محیّر العقول اثر و گداز کا یہ ایک ادنیٰ کرشمہ ہے کہ وہ دل جو سنگِ خارا سے زیادہ سخت تھے، موم کی طرح نرم ہو گئے۔ اور وہ آنکھیں جو قطرہ آب کو ترستی تھیں، اشکوں کے سیلاب بہانے لگیں وہ روحیں جو کفر کی تاریکیوں میں بھٹکتی پھرتی تھیں کلام پاک کی شمع فروزاں سے نُور ساماں ہوگئیں خود کلام الٰہی میں اس قوت خداوندی کا ذکر بار بار آتا ہے۔

ترجمہ: "جب وہ لوگ یعنی اہل کتاب کلام الٰہی کو سنتے ہیں تو دیکھتا ہے کہ ان کی آنکھوں سے آنسو بہتے ہیں اس لئے کہ انہوں نے حق و صداقت کو پہچان لیا ہے۔"

مسرت غنی
بی ایس سی فائنل

عشق قرآن

قرآن مجید عالم انسانیت کے لیے ایک جامع اور مکمل ضابطہ حیات ہے. جو تا قیامت کام دیگا اس کا روئے سخن کسی خاص خطہ اور مخصوص طبقے کی طرف نہیں ہے بلکہ سارے دنیا کے انسان اس کتابِ مقدس کے مخاطب ہیں خاتم النبیینؐ کی طرح الہامی کتاب میں اُسے بھی اللہ کا آخری پیغام ہونے کا شرف حاصل ہے. یہ وہ واحد الہامی کتاب ہے جس میں کسی قسم کے ردو بدل اور اعتراض کی گنجائش نہیں یہ آج تک اپنی اصلی حالت میں موجود ہے، اور رہے گی، اس کی تمام تعلیمات فطرت کے عین مطابق ہیں لفظی اور معنوی اعتبار سے، فصاحت و بلاغت کی جہت سے، ہدایت و راہنمائی کی حیثیت سے، نظم و آہنگ کی رو سے غرضکہ جس نکتہ نظر سے بھی آپ اس پر غور و خوض کریں وجدان کی معطر کیفیت طاری ہوگی.

یہ ایک آئینی وحدت ہے جو عالم بشریت کے لیے باران رحمت، منبع فیض، رہنمائے عالم سرمایۂ حیات اور مادی قوت و قدرت کا سرچشمہ ہے یہ ابدی ضابطہ حیات ہے. تمام شعبہائے زندگی کے محور اس کے دائرہ عمل میں ہیں اس پر غور و تدبّر کر کے اس کے ایک ایک لفظ کی صداقت پر محکم یقین ہو جاتا ہے، اور تسکین کی دولت میسّر آتی ہے. اس کے حقائق ذہن سے گزر کر قلب کی عمیق ترین حصوں میں اُتر جاتے ہیں. اس کتاب جلیل کی تلاوت جب پورے انہماک سے کی جاتی ہے تو سینے منور ہو جاتے ہیں آنکھیں خود بخود اشکبار ہو جاتی ہیں اور قلب مطمئن ہو جاتا ہے۔ یہ کلام الٰہی عروج و ارتقاء کی ان قوتوں کا حامل ہے. جو اپنی مثال آپ ہیں.

کتابِ خدا قرآن حکیم ہر قسم کے شکوک و شبہات سے بالا تر اور حکمت و دانش کے گوہر آبدار سے

اختر علی
فرسٹ ائیر

اچھی باتیں

- دنیا کا سب سے بڑھیا زیور آپکی اپنی شرافت ہے۔
- دنیا کا سب سے بڑھیا مددگار آپ کا اپنا ہاتھ ہے۔
- دنیا کا سب سے بہترین تاج آپ کا اپنا ہی پختہ ارادہ ہے۔
- دنیا کا سب سے بڑھیا مکان آپ کا اپنا ہی جسم ہے۔
- جب شراب اندر جاتی ہے تو عقل باہر آجاتی ہے۔
- ہمیشہ سچ بولیے چاہے تکلیف ہی کیوں نہ اٹھانی پڑے۔
- جھوٹ تمام عیبوں کی جڑ ہے۔
- احسان کر کے جتانے سے احسان نہ کرنا بہتر ہے۔
- احسان کا بدلہ صرف احسان ہے۔
- حسد نیکیوں کو اسطرح کھاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو اور دیمک روٹی کو۔
- کم بولنا اور کم کھانا صحت کے لیے مفید ہے۔
- ہر روز دنیا میں نیا سورج اسلیئے نکلتا ہے کہ آپ چڑھتے سورج کی طرح ترقی کریں۔
- کوئی بات کہنے سے پہلے سوچ لو کہ تم وہی کہہ رہے ہو جو تم کہنا چاہتے ہو۔
- پست ہمتی انسان کے تمام احساسات کو مردہ کر دیتی ہے اور پھر وہ اس قابل نہیں رہتا کہ زندگی میں ابھر سکے۔
- حیا عورت کا زیور اور ایمان ہے۔
- انسان کا کردار ایک ایسی مالا ہے جسکی گرہ کھل جانے سے تمام موتی بکھر جاتے ہیں۔
- پانی جسم کو اور سچائی دل کو صاف کرتی ہے۔
- عقلمند کی پہچان غصے کے وقت ہوتی ہے۔
- خدا سے ڈرنے والا کسی سے نہیں ڈرتا
- حسد ایک ایسا مرض ہے جو انسان کی قوت ارادی کو صلب کر دیتا ہے۔

محتسب : "ضمیر"

یہ تحت الشعور اور لاشعور کے درمیان واقع ہوتا ہے. اگر اللہ تعالیٰ انسان کو ضمیر عطا نہ کرتا تو منفی جذبوں کی وجہ سے ہمارے دماغ کی نسیں پھٹ جاتیں جب روزمرہ کی زندگی میں کوئی ناکامی بے وقوفی، شکست، نفرت، انتقام، غصہ، حسد، احساس کمتری، غرور، خوف، جھوٹ وغیرہ ہمارے لاشعور میں جڑ پکڑ لیتے ہیں تو ضمیر کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ دوبارہ انہیں شعور میں آنے سے روکتا ہے لیکن جونہی یہ لاشعور سے دھوکہ کھاتا ہے تو یہ جذبے کچھ دیر کے لیے شعور میں چلے جاتے ہیں اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ لاشعور کس طرح بھیس بدلتا رہتا ہے. آپ یہ سنکر حیران ہوں گے کہ بعض دفعہ اس کے بھیس انتہائی سادہ اور شریفانہ ہوتے ہیں لیکن دراصل ان میں جارحیت، پسندی، قتل و غارت گری کا جذبہ اور جاہلانہ حرکتیں پوشیدہ ہوتی ہیں اس لیے بعض اوقات ہم بہت سے کاموں کو صحیح سمجھتے ہیں لیکن حقیقتاً وہ غلط ہوتے ہیں.

جو لوگ اپنے ضمیر کو حاضر اور مستعد (ACTIVE) رکھتے ہیں وہی مذہب اور معاشرے کے نکتہ نظر سے شریف اور اچھے سمجھے جاتے ہیں قرآن حکیم میں جگہ جگہ آیا ہے کہ اللہ متقی اور پرہیز گار لوگوں کو پسند کرتا ہے. دراصل یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جن کا ضمیر انتہائی مضبوط ہوتا ہے اور لاشعور سے دھوکا نہیں کھاتے.

۳۔ لاشعور:۔

لاشعور ذہن کا تیسرا حصہ ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ ذہن کا سب سے وسیع اور پیچیدہ حصہ ہے انسان اپنے لاشعور کی باتیں جاننے سے قاصر ہے۔ ہمارے لاشعور میں دراصل جبلتیں، عادتیں، خصلتیں خواہش، غیر تسکین شدہ کام، نفرتیں، انتقام، غصہ، حسد، جھوٹ، غرضکہ تمام منفی جذبے رہتے ہیں۔ اگر ہم لاشعور کو کنٹرول نہ کریں تو یہ ہمارے اعصاب کو توڑ پھوڑ کر رکھ دے گا۔ لاشعور جسم کا انتہائی خطرناک حصہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تمام منفی جذبے جو لاشعور میں موجود ہوتے ہیں ہر وقت کوشش کرتے رہتے ہیں کہ کسی طرح شعور میں منتقل ہو جائیں لیکن محتسب "ضمیر" انہیں روکے رکھتا ہے لیکن جونہی محتسب یا ضمیر ڈھیلا پڑتا ہے یا تھک جاتا ہے تو یہ جذبے اس پر حاوی ہو جاتے ہیں ایسا ایک دن میں متعدد بار ہوتا ہے۔

لاشعور جب یہ دیکھتا ہے کہ محتسب یا ضمیر (اس کے جذبوں کو روکے ہوئے ہیں تو وہ بھیس بدل کر آتا ہے اور عموماً محتسب اس سے دھوکہ کھا جاتا ہے۔

مثلاً انگریزی کا مشہور شاعر ولیم ورڈزورتھ جس علاقے میں رہتا تھا وہاں کا پادری بھی شاعر تھا شاعر کی ایک دوسرے شاعر سے رقابت عود کر آئی لیکن ورڈزرتھ اپنی نفرت اور حسد کا اظہار کھلم کھلا نہیں کر سکتا تھا۔ چنانچہ اس نے کہا گرجے کی گھنٹیاں صبح کی نیند خراب کرتی ہیں اس طرح ورڈزرتھ کے لاشعور نے نفرت اور حسد کو خوشنما جامہ پہنا کر پیش کیا۔

ماہرین ہپناٹزم کے ذریعے شعور کو سلا دیتے ہیں اور لاشعور کو جگا کر اپنے قابو میں کر لیتے ہیں اور پھر منفی جذبوں کو ختم کرتے ہیں یہ کام جاگنے کی حالت میں ناممکن ہے اس طرح کسی تلخی کی وجہ نفرت کے اسباب، غصہ، حسد، انتقام غرضیکہ تمام چیزوں کا پتہ چلایا جا سکتا ہے اور یہ بھی معلوم کیا جا سکتا ہے کہ یہ جذبے کس انسان میں کتنی مقدار میں موجود ہیں۔

خواب کا آنا انسان کے لیے انتہائی مفید ہے۔ اسی طرح خیالات بھی انسان کے لاشعور کا نعم البدل ہیں ہم خواب میں ناممکن خواہشات پوری کرتے ہیں اور تسکین پاتے ہیں اس لیے بزرگوں کا کہنا ہے کہ تنہائی میں خالی ذہن شیطان کا گھر ہے۔ کیوں کہ اس وقت لاشعور کا بول بالا ہوتا ہے۔

دیتا ہے اور یہ سارا کام لمحوں میں پایہ تکمیل تک پہنچ جاتا ہے۔
شعور دو حالتوں میں اپنا کام بند کر دیتا ہے یا صحیح پیغامات نہیں پہنچتا۔
۱۔ ایک نیند کی حالت میں۔ ۲۔ دوسرے پاگل پن کی حالت میں۔
پیغام میں بھی انسانی شعور کو سلا دیا جاتا ہے۔ اور اس کے لاشعوری افعال سے واقفیت حاصل کی جاتی ہے جو عام حالت میں ممکن نہیں ہوتا اس طرح ہم جو بھی خیالات رکھتے ہیں یا منصوبہ بندی کرتے ہیں ان میں بھی شعور کا دخل ہوتا ہے۔ اس طرح چوبیس گھنٹوں میں ہمارے ساتھ جو کچھ ہوتا ہے اس سے ہمارے شعور کا بالواسطہ یا بلا واسطہ تعلق ہوتا ہے پھر آہستہ آہستہ یہ ذہن کے اگلے حصے میں منتقل ہو جاتا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق کسی کام کے گزر جانے کے بعد آٹھ گھنٹوں تک ہم اس کا آدھا حصہ بھول چکے ہوتے ہیں اور اس کا بقیہ حصہ آہستہ آہستہ تیس ۳۰ دنوں میں بھولتا رہتا ہے۔
آپ نے دیکھا ہوگا کہ اگر آپ کسی نئے شخص سے ملیں تو اس کا نام چند دنوں بعد بھول جاتے ہیں لیکن ذہن پر زور دینے سے آپ کو اس کا نام یاد آجاتا ہے۔ دراصل اس میں ہوتا یہ ہے کہ اس کا نام ہمارے ذہن کے دوسرے حصے تحت الشعور یا یادداشت (MEMORY) میں چلا جاتا ہے اور شعور کی قوت استعمال کرنے سے ہم اسے دوبارہ شعور کی سکرین پر لا سکتے ہیں۔

۲۔ تحت الشعور :-

ذہن کا دوسرا حصہ تحت الشعور کہلاتا ہے تحت الشعور کی حد شعور سے ملتی ہے اس بات کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ مختلف اعمال و افعال شعور سے تحت الشعور میں منتقل ہوتے ہیں گویا تمام تحت الشعوری کام یا واقعات کسی وقت شعوری ہوا کرتے ہیں۔
ہم تحت الشعور کو STORE یا MEMORY یادداشت بھی کہہ سکتے ہیں کوئی بھی شعوری کام جسے انسان بھول چکا ہے دوبارہ سے یاد کیا جا سکتا ہے جس طرح آپ کے روزمرہ کے استعمال نہ ہونے والے اوزار یا آپ کی پرانی سائیکل سٹور میں پڑی ہوئی ہے اور آپ اسے حسب ضرورت نکال کر کام میں لا سکتے ہیں بالکل اسی طرح آپ اپنی پرانی یادوں کو دوبارہ زندہ کر سکتے ہیں۔ صرف منتقلی کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کے شعور اور تحت الشعور میں جو رابطہ قائم ہے۔ وہ کتنا طاقتور ہے۔

محمد انور بلوچ
بی ایس سی سال اول

ذہن
شعور اور ضمیر

دماغ ایک انسانی عضو ہے۔ دماغ کے وہ اعمال و افعال جن کا تعلق سوچنے، سمجھنے، یاد کرنے فیصلہ کرنے وغیرہ سے ہے۔ انہیں ذہن کہتے ہیں۔ ذہن دماغ ہی کے کسی حصے میں موجود ہوتا ہے لیکن آج تک کوئی شخص پتا نہیں چلا سکا کہ دماغ کے کس حصے میں ذہن پایا جاتا ہے دماغ کی پیچیدگی سے ہم بخوبی واقف ہیں۔ اس لئے دماغ کو سمجھنے کے لیے ذہن کو سمجھنا انتہائی ضروری ہے۔ دماغ ہر انسان کے اندر موجود ہوتا ہے لیکن ضروری نہیں کہ اس کا ذہن صحیح ہو اور ذہن صحیح نہ ہونے کا مطلب ہے کہ وہ "ابنارمل" یا پاگل ہے۔ چنانچہ ذہن کو ہم دماغ کی روحانی قوت کہہ سکتے ہیں۔

اس طرح ذہن کو سمجھنے کے لیے "نفس" کو سمجھنا ضروری ہے نفس ذہن کی قوت کا نام ہے یا نفس کو ذہن کا پیمانہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ یعنی ذہن کی پیمائش کے لیے ہم نفس کو مختلف طریقوں سے ناپتے ہیں کسی بھی شخص کے ذہن کو سمجھنے کے لیے اس کے نفس یا نفسیات کو سمجھنا ضروری ہے اور ہر شخص کی نفسیات مختلف ہوتی ہے۔

ذہن کو بنیادی طور پر تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

۱۔ شعور ۲۔ تحت الشعور ۳۔ لاشعور

۱۔ شعور

یہ انسانی ذہن کا وہ حصہ ہے۔ جو ہر وقت انسان کو رونما ہونے والے حالات سے باخبر رکھتا ہے اور خبریں پہنچاتا رہتا ہے۔ اس کا حواس خمسہ سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔ یعنی حواس خمسہ شعور کے لیے مخبری کرتے رہتے ہیں جونہی ذہن کو کوئی پیغام موصول ہوتا ہے۔ وہ حساب کتاب کرکے ردعمل ظاہر کر

مجھے یہ بھی ہدایت کی کہ روزانہ برش سے دانت صاف کیا کریں. یا مسواک کرنے سے بھی دانت صاف رہیں گے. رسول کریمؐ کی سنت بھی ادا ہو جائے گی. کھانا کھانے کے بعد ضرور دانت صاف کیا کریں کیونکہ روٹی اور گوشت وغیرہ کے ریزے دانتوں میں پھنس کر دانت کو خراب کر دیتے ہیں۔ دانتوں میں درد کی شکایت ہو گی اور کم عمری میں ہی دانت گر کر آدمی کھانا کھانے سے بھی معذور ہو جائے گا. رات کو سونے سے پہلے اور پھر اُٹھنے کے بعد دونوں وقت دانتوں کی صفائی کیا کریں. کیونکہ نبی اکرمؐ نے فرمایا تھا کہ صفائی نصف ایمان ہے. اگر دانتوں کو ٹوتھ پیسٹ سے روانہ صاف کیا کریں تو دانت کیڑے لگنے سے بچ جاتے ہیں۔ دانتوں کی حفاظت کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ہم کھانے پینے میں احتیاط کریں. زیادہ گڑ اور شکر کھانے سے دانت خراب ہوتے ہیں. اور انہیں کیڑا لگ جاتا ہے. اگر دانت خراب ہو جائیں تو انہیں نکلوانا پڑتا ہے. دانت نکل جائیں تو کوئی چیز چبائی نہیں جا سکتی کھانے پینے میں لطف نہیں رہتا۔ دانت نکل جانے سے چہرہ بھی بدصورت ہو جاتا ہے۔

زیادہ برف چبانے اور برف کے گولے چوسنے سے بھی دانت کمزور ہو جاتے ہیں زیادہ ٹھنڈی یا گرم چیز سے بھی دانتوں کو نقصان پہنچتا ہے. اس لیے ہمیں ان چیزوں سے گریز کرنا چاہیئے۔ آج سے آپ سب اپنے دانتوں کو صبح شام صاف کیا کریں اور اپنی مسکراہٹ حسین بنائیں لو لیئے انشاءاللہ

محمد زمان عادل
سیکنڈ ایئر پری میڈیکل

اچھے دانت اچھی صحت

اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی قدرت سے بڑی پیاری شکل عطا فرمائی ہے. اب یہ ہم سب کا فرض بنتا ہے کہ ہم اس کی اچھی طرح حفاظت کریں. آنکھ، کان، ناک، دانت. ان میں سے اگر کوئی ایک بھی خراب ہو جائے. تو ہماری شکل بگڑ جاتی ہے. اس کی مثال آپ دانتوں ہی کو لیجیے باتیں کرتے وقت مسکراتے وقت، ہنستے وقت ہمارے دانت دوسروں کو ضرور نظر آتے ہیں. اگر ہمارے دانت صاف رہیں تو لوگ ہم سے باتیں کرنا پسند کریں گے. ہماری ہنسی انہیں اچھی لگے گی. اور اگر ہمارے دانت گندے رہیں تو ہمارے منہ سے بدبو آنی شروع ہو گئی اور دوست ہم سے باتیں کرنا پسند نہیں کریں گے. انہیں گھن آئے گی. صاف دانتوں کا ایک فائدہ یہ بھی ہے. کہ صحت خراب نہیں ہوتی. معدہ صحیح کام کرتا ہے جو غذا ہم کھاتے ہیں، ہضم ہو جاتی ہے.

ایک دفعہ میرے ساتھ ایسا ہوا. میرا معدہ خراب ہو گیا. میرے پیٹ میں گڑبڑ سی شروع ہو گئی جو غذا میں کھاتا تھا ہضم نہ ہوتی تھی میں پریشان حال ڈاکٹر کے پاس گیا. ڈاکٹر سے اپنی بیماری سے متعلق باتیں کر رہا تھا کہ ڈاکٹر صاحب کی نظر میرے دانتوں پر پڑی. ڈاکٹر صاحب نے میرے دانت دیکھے جو بہت میلے تھے، کہنے لگے. جاؤ دانت صاف کیا کرو. دانت صاف ہوں گے. تو معدہ اپنے آپ ٹھیک ہو جائے گا. میں نے پوچھا! ڈاکٹر صاحب! دانتوں کا معدے سے کیا تعلق؟؟ ڈاکٹر صاحب بولے! میاں! جو کچھ ہم کھاتے ہیں. اسے دانتوں ہی سے چباتے ہیں. اگر ہمارے دانت میلے رہیں گے تو دانتوں کا میل ہماری غذا میں شامل ہو کر معدے میں چلا جاتا ہے. اس طرح ہماری غذا ہضم نہیں ہوتی اس لیے جس آدمی کے دانت میلے ہوتے ہیں اس کا معدہ بھی خراب ہوتا ہے. ڈاکٹر صاحب نے

بیٹا شعاعوں کی رفتار " نو ضرب دس کی قوت ۷ (9×10^{7}) میٹر فی سیکنڈ سے لے کر ۲.۷ ضرب دس کی قوت سات" میٹر فی سیکنڈ تک ہوتی ہے۔

۳۔ گاما شعاعوں کی خصوصیات:۔

گاما شعاعیں جب کسی دھات پر پڑتی ہیں تو وہ فوٹو الیکٹران خارج کرتی ہیں۔

گاما شعاعوں کی رفتار روشنی کی رفتار کے برابر ہے۔

گاما شعاعیں بھی ایکس ریز کی طرح مختلف عناصر میں جذب ہو جاتی ہیں۔

گاما شعاعوں کی نفوذ کی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ان کی نفوذی قوت بیٹا شعاعوں کے مقابلے میں تقریباً سو گنا زیادہ ہے۔

مسکراہٹ

- مسکراہٹ ایک انمول تحفہ ہے۔
- مسکراہٹ دوستی کی ایک کنجی ہے۔
- مسکراہٹ دوستوں کی پہچان ہے۔
- مسکراہٹ خلوص کا اظہار ہے۔
- مسکراہٹ مایوسی کو ختم کرتی ہے۔
- مسکراہٹ زندگی کا دوسرا نام ہے
- مسکراہٹ پتھروں کو موم کر سکتی ہے

عبدالوحید بلوچ
تھرڈ ایئر بی۔ایس سی پری میڈیکل

الفا بیٹا اور گاما شعاعوں کی خصوصیات

۱۔ الفا شعاعوں کی خصوصیات:۔

الفا شعاعوں میں شامل ذرات کی کمیت ہائیڈروجن نیوکلیس سے تقریباً چار گنا زیادہ ہوتی ہے۔

الفا شعاع کے ہر ذرے پر مثبت برقی چارج ہوتا ہے۔

الفا شعاع آئن سازی کی زبردست طاقت رکھتی ہے۔

الفا شعاعوں کی نفوذی طاقت بہت کم ہوتی ہے۔

الفا شعاعیں جب بعض اشیائ پر پڑتی ہے تو فلوری سنس کا عمل ہوتا ہے۔

الفا شعاعیں کسی ایٹم کے مرکزہ میں مصنوعی انتشار پیدا کرسکتی ہے۔

الفا شعاعیں انسانی جسم میں جلن اور زخم پیدا کر دیتی ہیں۔

۲۔ بیٹا شعاعوں کی خصوصیات:۔

بیٹا شعاعوں کی توانائی الفا ذرات کی نسبت کم ہوتی ہے۔

بیٹا شعاعیں فوٹوگرافک پلیٹ کو متاثر کرتی ہیں۔

بیٹا شعاعیں فلوری سنس پیدا کرتی ہیں

بیٹا شعاعیں ؛ الفا شعاعوں سے سو گنا زیادہ نفوذ کی قوت رکھتی ہیں۔

بیٹا شعاعوں کی آئن سازی کی قوت کم ہوتی ہے۔

پیغام

میرے لیے یہ امر باعث مسرت ہے کہ گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور اپنا مجلّہ رخشان شائع کر رہا ہے۔ تعلیمی اداروں کی جانب سے مجلات کی اشاعت ایک نہایت ہی صحت مند اور مفید روایت ہے جس سے طلبہ کی تحریری اور تخلیقی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کا فریضہ سرانجام پاتا ہے مجھے یقین کامل ہے کہ "رخشان" میگزین کے ذریعے نہ صرف کالج کے طلباء اور اساتذہ کرام کو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم ہوگا بلکہ یہ علاقے کی روایتی حب الوطنی، دین دوستی اور تہذیب و ثقافت کا بھی ترجمان ہوگا۔

میں مجلہ "رخشان" کی اشاعت پر گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور کے پرنسپل، مجلس ادارت اور طلبہ کو اُن کی کاوشوں کے لیے دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور کالج کی فلاح اور ترقی کے لیے دعاگو ہوں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

غلام رسول خالد

ناظم تعلیمات کالجز حکومت بلوچستان کوئٹہ

پیغام

مجھے یہ جان کر بہت ہی خوشی ہوئی کہ گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور طلبا اور اساتذہ کرام کے اہم مضامین مقالات اور شاعری پر مشتمل اپنا مجلہ "رخشان" شائع کر رہا ہے۔ مجھے یقین واثق ہے کہ یہ مجلہ نہ صرف طلباء کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا باعث ہوگی بلکہ یہ اپنے معاشرے اور ماحول کی درست عکاسی کرتے ہوئے مستقبل کے ذمہ داریوں کی بجاآوری کے لیے نئی نسل کو محنت لگن اور جستجو کے لیے بھی آمادہ کرے گی اور طلبأ کے لیے ایک ایسے راستے کا تعین کرے گی جو باہمی تعاون کے ذریعے شخصی خود نمائی اور قومی نفاق کے خاتمے کو ممکن بنا دے گی اور یہ مجلہ طلبأ میں علم اور ادب سے گہری وابستگی کے عمل کو تیز کر دے گی مجلہ کی تدوین ترتیب اور اشاعت سے وابستہ احباب یقیناً قابل ستائش ہیں۔ اور میری دعا ہے کہ خداوند قدوس اُن کو اپنے نیک مقاصد میں کامیاب اور کامران کرے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

کچکول علی بلوچ

وزیر ماہی گیری و ساحلی امور

پیغام

تعلیمی اداروں کی جانب سے کالج کے مجلّہ کی اشاعت ایک اچھی روایت ہے۔ ہمارے طلبأ میں صلاحیتوں کی کمی نہیں صرف انہیں سامنے لانے اور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ اس مقصد کی تکمیل اسی طور پر ممکن ہوسکتی ہے جب کالجوں میں نہ صرف ادبی سرگرمیوں کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری رہے بلکہ منتخب تخلیقات کی اشاعت بھی گاہے بگاہے ہوتی رہے۔ اس اعتبار سے گورنمنٹ کالج پنجگور کے پرنسپل، اساتذہ اور طلبأ مبارک باد کے مستحق ہیں جنہوں نے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے عملی اقدام کے طور پر مجلہ "رخشان" کے اجرأ کا اہتمام کیا۔

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ
وزیر تعلیم

اداریہ

رخشان میگزین کا پہلا شمارہ پیش خدمت ہے۔ اس مجلے کو ہم نے بڑی جانفشانی سے ترتیب دینے کی کوشش کی ہے پھر بھی اس میں کسی قسم کی علمی اور ادبی کمزوری نظر آئے تو ہم اس کے لیے قارئین سے معذرت خواہ ہونگے۔ اور اُن کمزوریوں کی نشاندہی کو اپنے لئے باعث مسرت سمجھیں گے تاکہ ہم آئندہ شمارے میں اُن کمزوریوں کو دور کرنے کی کوشش کرسکیں۔ بلاشبہ میگزین طلبأ کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ کیونکہ اس کے ذریعے طلبہ کو اپنی پوشیدہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے ہم نے اسی مقصد کے تحت اِس میگزین میں طلبہ کی تحریروں کو زیادہ جگہ دینے کی کوشش کی ہے۔ تاکہ اُن میں خود اعتمادی پیدا ہو طلبأ اپنی ادبی اور علمی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوئے ہیں اس کا فیصلہ ہم قارئین پر چھوڑ دیتے ہیں۔

گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور کا شمار بلوچستان کے بڑے کالجوں میں ہوتا ہے اور اس کالج کے پرنسپل اور اُن کے رفقائے کار کو بخوبی احساس ہے۔ چنانچہ کالج میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے منضبط طریقے سے عمل کیا جارہا ہے تاکہ کالج ہذا بلوچستان کے دیگر بڑے کالجوں کی طرح اپنی نیک نامی کو برقرار رکھ سکے اس سلسلے میں کالج کی ادبی، آرٹس اور سائنس کی سوسائیٹیاں منظم اور موثر طریقے سے پروگرام تشکیل دے رہی ہیں "تعلیمی انحطاط اور ہمارا معاشرہ" کے موضوع پر سیمینار اور دیگر علمی اور ادبی تقاریب کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں طلبأ کی دلچسپیاں اس امر کا ثبوت ہیں کہ اس علاقے کے طالب علم اپنی صلاحیتوں کے اعتبار سے دیگر علاقوں سے کسی طرح بھی پیچھے نہیں ہیں۔ ہماری یہ کوشش ہوگی کہ کالج کو ایک مثالی درسگاہ بنایا جائے اور اس سلسلے میں ہم اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر اس اہم قومی فریضہ کو نبھانے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑینگے آخر میں ہم اُن تمام طلبأ اور اساتذہ کرام کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جنہوں نے اس مجلہ کی اشاعت کے سلسلے میں ہم سے قلمی اور اخلاقی تعاون کیا۔

(ادارہ)

ترتیب

سرپرست :۔ ——— پروفیسر ریاض احمد بلوچ

مدیر اعلیٰ :۔ ——— پروفیسر غنی طارق

مدیر انگریزی :۔ ——— سیّد ذوالفقار علی رضوی

مدیر اُردو :۔ ——— شیر احمد لیکچرار

مدیر بلوچی :۔ ——— پروفیسر محمد حسن

طالب علم مدیر انگریزی :۔ ——— حمل نصیر

طالب علم مدیر اُردو :۔ ——— بالاچ خان

طالب علم مدیر بلوچی :۔ ——— ظہور زیبی

مطبع :۔ ——— یونائیٹڈ پرنٹرز زنگی رام روڈ کوئٹہ ۸۲۲۹۲۸

کتابت :۔ ——— محمد ایاز

سال اشاعت :۔ ——— سنہ ۹۴ء

تعداد :۔ ——— ۵۰۰ ، پانچ سو

۱۹۹۳ - ۹۴ء

مجلہ "رخشان"

شمارہ ۲


گورنمنٹ ڈگری کالج پنجگور



وائس پرنسپل:۔ پروفیسر نور احمد بلوچ



طلباء سائنس لیبارٹری میں



طلباء لائبریری میں

پوائنٹ پرنٹرز کوئٹہ


رخشاں
گورنمنٹ کالج بنگلور
Rishi